ليتفقهوا في الدين
(التوبة:122)

من يرد الله به خيرا يفقهه في الدين
(البخاري)

# سالانہ رپورٹ

# Annual Report

1442ھ 2020ء

فقہ اکیڈمی


C-335، بلاک-1، گلستان جوہر، بالمقابل جامعہ کراچی، یونی ورسٹی روڈ، کراچی، پاکستان۔

FiqhAcademy.com.pk info@fiqhacademy.com.pk
FiqhAcademy FiqhAcademy +92 330 3474223

# سالانہ رپورٹ

جولائی 2018 تا جون 2020

فقہ اکیڈمی

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | سالانہ رپورٹ |
| مرتب | : | عدنان عبدالقادر (جنرل سیکریٹری) |
| ناشر | : | ناظم شعبۂ مطبوعات، فقہ اکیڈمی |
| مقامِ اشاعت | : | فقہ اکیڈمی |
| سنِ اشاعت | : | محرم الحرام 1442ھ بہ مطابق ستمبر 2020ء |
| تعداد | : | آن لائن اشاعت |
| ای میل | : | info@fiqhacademy.com.pk |


## پتا


فقہ اکیڈمی
C-335، بلاک-1، گلستان جوہر، بالمقابل جامعہ کراچی، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔ 0330-3474223
www.FiqhAcademy.com.pk 021-34613474

# فہرست


پیغام از مدیر ادارہ ........ 6
اجلاسِ عامہ کی ترتیب ........ 7
تعارفِ فقہ اکیڈمی ........ 8
کوائف فقہ اکیڈمی ........ 10
اراکینِ مجلسِ منتظمہ ........ 11
اراکینِ مجلسِ تعلیم ........ 12
ادارتی خاکہ ........ 13
فقہ اکیڈمی کے تحت جاری مختلف تعلیمی کورسز اور ان کا نصاب ........ 14
وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے الحاق ........ 26
شعبہ جات کی رپورٹ ........ 27
شعبہ تعلیم و تدریس ........ 27
اکیڈمی کی آن لائن تعلیمی سرگرمیاں ........ 31
حلقات و دورات و محاضرات ........ 32
شعبہ تحقیق و تصنیف ........ 34
فتاویٰ یسسلونک دارالافتاء فقہ اکیڈمی ........ 36
شعبہ مطبوعات ........ 39
شعبہ تعمیرات ........ 39
مرکزِ تعلم و تحقیق ........ 40
شعبہ نکاح رجسٹریشن ........ 41
اجرائے رسائل ........ 41
مکتبہ ........ 42
شعبہ انتظامی امور ........ 42

شعبۂ ترجمہ ........................................ 43
وابستگانِ ادارہ کی دیگر دعوتی و تبلیغی سرگرمیاں ........................................ 43
اصلاحی مجلس ........................................ 45
شعبۂ مطعم ........................................ 45
مہمان خانہ ........................................ 46
اہم شخصیات کا دورہ ........................................ 46
شعبۂ دارالاقامہ ........................................ 47
شعبۂ افرادی قوت ........................................ 47
شعبۂ تزئین و تشہیر ........................................ 48
شعبۂ اطلاعاتی تکنی-کیات ........................................ 49
سیر و سیاحت ........................................ 49
دروسِ قرآن و دعوتی و تبلیغی سرگرمیاں ........................................ 50
دیگر قابلِ ذکر سرگرمیاں ........................................ 51
مالیاتی رپورٹ ........................................ 52
فقہ اکیڈمی کے مصارف ........................................ 54
مستقبل کے منصوبہ جات ........................................ 55
ہدیۂ تشکر از جنرل سیکریٹری ........................................ 56
آڈٹ رپورٹ ........................................ 57
گوشۂ تصاویر ........................................ 57

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیغام از مدیرِ ادارہ

أحمدهُ حمداً أيبلغ رضاه، وصلى الله على أشرف من اجتباه، وعلى من صاحبه ووالاه، أما بعد!

جب ہم اکیڈمی کا نام فقہ کی طرف منسوب کرتے ہیں تو ہماری مرادعلمِ فقہ کے اصطلاحی معنی یعنی العلم بالأحكام الشرعية العملية المكتسب من أدلتها التفصيلية سے بڑھ کر تفقہ فی الدین اور امامِ اعظم ابو حنیفہؒ کے بیان کردہ وسیع تر معنی سے ہوتی ہے یعنی معرفة النفس مالها وما عليها جو بیک وقت اسلامی علوم و تہذیب کی تفقہ فی الدین اور تزکیۂ نفس کی عظیم علمی و عرفانی روایت کے ترجمان ہیں۔ یہی وہ معنی ہیں جس کی بشارت حدیثِ نبوی علی صاحبها الصلوة والسلام میں ان عظیم الشان الفاظ میں وارد ہوئی ہے: ﴿مَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ﴾۔ (بخاری) ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی یہ خیر ہماری جھولی میں ڈال دے: رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ

یہ اللہ رب العزت کا خصوصی فضل اور احسان ہی ہے کہ اس نے ہم ناقص بندوں کو اپنی دین کی خدمت کا شرف عالی عطا فرمایا۔ ماضی کو چھوڑ کر حال پر بات کریں تو دینی تعلیم اور تربیت اسلامی کے متوارث سلسلوں کا اجرا بعنوان فقہ اکیڈمی، ہم تمام منتسبینِ ادارہ کے لیے اللہ رحمان کا ایک جدید امتنان ہی تو ہے کہ ہمیں ایک گوشۂ عافیت دستیاب ہوگیا، اور ہم جہل و جہالت سے کٹ کر علم و معرفت کی کھلی فضا میں سانس لے رہے ہیں۔ الحمد للہ، نہ ہمارا کوئی دعوی ہے اور نہ کوئی ''خاص دعوت''!

ہاں ایک آرزو ضرور ہے کہ تشدد و تفرد سے بچ کر اخلاص و اختصاص کے ساتھ اپنے اساتذہ و مشائخ یعنی اکابر علماے دیوبند رحمھم اللہ کی راہ پر چل کر دینِ حق کی خدمت کرتے کرتے رب کو راضی کریں، رسول اللہ ﷺ شافع محشر کی شفاعت کے مستحق ہوکر دنیا سے جائیں۔ آمین

قارئین سے درخواست ہے کہ جملہ وابستگان فقہ اکیڈمی کے لیے قابلیت اور قبولیت کی دعا فرماویں۔

أكرمكم الله تعالى

بندہ اویس پاشا قرنی غفر لہ

مدیر، فقہ اکیڈمی

۱۶ستمبر ۲۰۲۰ء

# اجلاسِ عامہ کی ترتیب

| | | |
|---|---|---|
| تاریخ | : | 20 ستمبر 2020ء بہ مطابق 2 صفر 1442ھ |
| دن | : | اتوار |
| مقام | : | دیوانِ عام، فقہ اکیڈمی |
| وقت | : | صبح 10:00 بجے |
| نکتہ نمبر۱ | : | تلاوتِ قرآنِ کریم مع ترجمہ |
| نکتہ نمبر۲ | : | افتتاحی کلمات از مدیرِ ادارہ وصدرِ مجلس |
| نکتہ نمبر۳ | : | سالانہ رپورٹ برائے منظوری |
| نکتہ نمبر۴ | : | سالانہ آڈٹ شدہ حسابات، جولائی 2018ء تا جون 2020ء برائے منظوری |
| نکتہ نمبر۵ | : | سابقہ آڈیٹرز کے لیے ہدیہ تشکر کی قرارداد اور آئندہ سال (21-2020) کے حسابات کے لیے آڈیٹرز کا تقرر |
| نکتہ نمبر۶ | : | خصوصی خطاب از استاذ محترم محمد رشید ارشد صاحب مدظلہ |
| نکتہ نمبر۷ | : | دیگر امور بہ اجازتِ صدرِ مجلس |
| نکتہ نمبر۸ | : | ہدیہ تشکر از جنرل سیکریٹری |
| نکتہ نمبر۹ | : | دعا |

# تعارفِ فقہ اکیڈمی

موجودہ دور مغربی فکر و فلسفے کا دور ہے۔ المیہ یہ ہے کہ مسلمان بھی اس ملحدانہ مغربی فلسفے کے سامنے مغلوب اور بے بس نظر آتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ علمی سطح پر الحاد و مادہ پرستی کی اس یلغار کے آگے بند باندھا جائے اور دین اسلام کی تعلیمات کو عوام الناس کے سامنے وقت کے محاورے اور اسلوب میں پیش کیا جائے۔

الحمد للہ اس مقصد کے حصول کے لیے فقہ اکیڈمی جید علمائے کرام اور مشائخ عظام کی سرپرستی میں 25 جون 2018ء بہ مطابق 11 شوال 1439ھ کو قائم کی گئی۔ جس کے تحت مختلف شعبہ ہائے زندگی اور متنوع عمروں سے تعلق رکھنے والے افراد کو دین کی بنیادی اور تفصیلی تعلیمات سے آراستہ کرنے کے لیے مختصر و طویل دورانیے کے کورسز جاری ہیں۔

**چوں کہ فی زمانہ دین کے نام پر التباس وابہام پیدا کر کے لوگ ہدایت کے نام پر الحاد و تجدد کو عام کر رہے ہیں اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ادارے کا مسلک و مشرب بھی تعارف کی غرض سے آغاز ہی میں واضح کر دیا جائے۔ الحمد للہ یہ ادارہ اہل السنۃ والجماعۃ کی برصغیر میں شاخ یعنی اکابر علمائے دیوبند کے دینی رخ اور مسلکی مزاج کا التزام کرتا ہے نیز فقہ حنفی میں علمائے دیوبند کے فتوے کا پابند ہے۔**

## تعلیمی امور

ادارے کے تمام تعلیمی امور فقہ اکیڈمی کی مجلسِ تعلیم (Academic Council) کی نگرانی میں سرانجام پاتے ہیں۔ یہ مجلس ادارے کے مدیر، نائب مدیر، ناظم تعلیم اور منتخب کل وقتی اساتذہ پر مشتمل ہے، جس کے تحت جاری کورسز اور ان میں شریک طلبہ کی کارکردگی کی نگرانی، اور نئے تعلیمی منصوبہ جات پر مشاورت کی جاتی ہے۔

مجلس کے تحت طلبہ کی تعلیمی اور اخلاقی نشوونما کی کڑی نگرانی کی جاتی ہے۔ الحمد للہ بیرونِ شہر اور بیرونِ ملک سے آئے ہوئے طلبہ کے لیے قیام و طعام کی سہولیات دستیاب ہیں۔ رہائشی طلبہ کی تعلیم و تربیت پر خصوصیت کے ساتھ توجہ دی جاتی ہے، جس کے لیے دن بھر کا ایک مؤثر نظام الاوقات مرتب کیا گیا ہے۔ عربی زبان میں طلبہ کی استعداد کو

بڑھانے کے لیے جامع نظام العمل مرتب کیا گیا ہے۔ عربی تکلم میں ماہر اساتذہ کرام کی نگرانی میں اس بات کی کوشش کی جاتی ہے کہ طلبہ نہ صرف عربی نصابی کتب کے سمجھنے اور عبارت خوانی کی قابلیت حاصل کر سکیں، بلکہ جدید عرب مقررین و مدرسین کے بیانات اور رسائل و جرائد میں آنے والے مضامین کو بھی سمجھنے کی صلاحیت پیدا کر سکیں۔

ایک امتحانی کمیٹی کی نگرانی میں سہ ماہی بنیادوں پر سالانہ 3 امتحانات منعقد کیے جاتے ہیں۔ ہر سہ ماہی کے اختتام پر امتحانی ہفتہ منعقد کیا جاتا ہے، جس میں 2 دن مراجعت و تکرار کے لیے مختص ہوتے ہیں، جبکہ 5 دن میں تمام درجات کے امتحانات اجتماعی طور پر منعقد کیے جاتے ہیں۔ درس گاہوں میں طلبہ کی بروقت اور مکمل حاضری کو یقینی بنانے کے لیے حاضری کے اندراج اور جائزے کا ایک مؤثر نظام رائج ہے۔

ادارے کے انتظام و انصرام کو چلانے کے لیے ایک مجلسِ منتظمہ بھی اول روز سے موجود ہے۔ ادارے کے انتظامی امور کی نگرانی و مشاورت اس مجلس کی ذمے داری ہے۔ نیز ادارے کے مصارف کا انتظام، نئی اسامیوں پر تقرری، نئے شعبہ جات کا قیام، ماہانہ بنیادوں پر کارکردگی کا جائزہ، بہتری کے لیے تجاویز و مشاورت، عملی مسائل کا حل، نئے منصوبوں کی منظوری اور کام کی وسعت کے لیے فکرمند رہنا بھی اراکینِ مجلس کی ذمے داریوں میں سے ہے۔

مجلسِ تعلیم و مجلسِ منتظمہ کے اجلاس ماہانہ بنیادوں پر منعقد ہوتے ہیں اور ادارے کے شعبہ جات کی ماہانہ رپورٹس ان اجلاسوں میں پیش کی جاتی ہیں۔ نیز ان مجالس کا باقاعدہ ایجنڈا جاری ہوتا ہے اور معتمدِ مجلس کی جانب سے کاروائی مرتب کر کے اراکین کو ارسال کی جاتی ہے۔

# کوائف فقہ اکیڈمی

| | | |
|---|---|---|
| رجسٹرڈ آفس | : | C-335، بلاک-1، گلستانِ جوہر، بالمقابل جامعہ کراچی، یونیورسٹی روڈ، کراچی |
| فون | : | 021-34633474 021-34613474 |
| ای میل | : | info@FiqhAcademy.com.pk |
| ای میل مدیر | : | OwaisPasha@FiqhAcademy.com.pk |
| ویب سائٹ | : | www.FiqhAcademy.com.pk |
| واٹس ایپ | : | 0330-3474223 |
| ٹویٹر | : | www.twitter.com/FiqhAcademyPK |
| فیس بک | : | www.facebook.com/FiqhAcademy |
| آڈٹ فرم | : | Sajid & Co.<br>Chartered Accountant<br>Suit#1506, 15th Floor, Tower 'B', Saima Trade Tower,<br>I.I. Chundrigar Road, Karachi |
| بینک اکاؤنٹ[1] | : | Meezan Bank Ltd<br>Branch: Gulshan-e-Iqbal, Block-6, Karachi<br>A/C Title: T Owais Pasha<br>A/C No. 9907 0102494637<br>IBAN: PK16 MEZN 0099 0701 0249 4637 |

[1] گزشتہ عرصے ممیں ادارے کے نام سے اکاؤنٹس کھولنے کی کوشش جاری ہے جوان شاءاللہ جلد مکمل ہوجائے گی، اس اثنا میں مدیرِ ادارہ کا شخصی اکاؤنٹ ادارے کے لیے مختص ہوکر استعمال ہورہا ہے جس کا آڈٹ کروایا جاتا ہے۔

# اراکینِ مجلسِ منتظمہ


| Managing Committee | ذمے داری | نام | نمبر |
|---|---|---|---|
| President | مدیر | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب | 1 |
| Advisor | نائب مدیر | ڈاکٹر عمران لطیف صاحب | 2 |
| Advisor | مشیر خصوصی | جناب سلمان اشرف صاحب | 3 |
| General Secretary | مشیر خصوصی | جناب عدنان عبدالقادر صاحب | 4 |
| Vice President | ناظمِ شعبۂ یسئلونک | جناب ابرار حسین صاحب | 5 |
| Joint Secretary | ناظمِ تعلیمات | حافظ سید اسامہ علی صاحب | 6 |
| Member | معتمد | جناب عابد علی صاحب | 7 |
| Secretary Finance | ناظمِ مالیات | جناب حارث احمد صاحب | 8 |
| Member | ناظمِ انتظامی امور | جناب نصیب خان صاحب | 9 |
| Member | ناظمِ افرادی قوت | جناب عبدالصمد صاحب | 10 |
| Member | معتمدِ ذاتی برائے مدیر ادارہ | جناب محمد ہارون صاحب | 11 |
| Member | ناظمِ اطلاعاتی تکنیکیات | جناب نبیل شاہد صاحب | 12 |
| Member | نائب ناظمِ انتظامی امور | جناب جمیل احمد خان صاحب | 13 |
| Member | نائب ناظمِ شعبہ تحقیق و تصنیف | حافظ حماد احمد ترک صاحب | 14 |

# اراکینِ مجلسِ تعلیم

| نمبر | نام | ذمے داری |
|---|---|---|
| 1 | مفتی اویس پاشاقرنی صاحب | مدیر |
| 2 | ڈاکٹر عمران لطیف صاحب | نائب مدیر |
| 3 | جناب ابرار حسین صاحب | مسئول کورس |
| 4 | حافظ سید اسامہ علی صاحب | ناظمِ تعلیمات |
| 5 | جناب عابد علی صاحب | مسئول کورس |
| 6 | جناب زبیر احمد صاحب | مسئول کورس |
| 7 | حافظ حماد احمد ترک صاحب | مسئول کورس |
| 8 | جناب حارث احمد صاحب | استاذ |
| 9 | جناب عمران چھاپڑا صاحب | استاذ |
| 10 | حافظ محمد ہارون صاحب | استاذ |
| 11 | حافظ محمد وقار صاحب | استاذ |
| 12 | جناب شہروز بھٹی صاحب | استاذ |

# ادارتی خاکہ

فقہ اکیڈمی




| اقسام وابستگان | کل وقتی | جز وقتی | اعزازی | کل |
|---|---|---|---|---|
| | 32 افراد | 9 افراد | 7 افراد | 48 افراد |

تاریخ تجدید یکم محرم الحرام
1442ھ

# فقہ اکیڈمی کے تحت جاری مختلف تعلیمی کورسز اور ان کا نصاب

## الشهادة الدراسية في العلوم الإسلامية

### تعارف

علومِ دینیہ ایک بحرِ بے کنار کی مانند ہیں۔ ایک طالب علم کے لیے اس سمندر کی وسعتوں کا کما حقہ ادراک مشکل ہی نہیں ناممکن معلوم ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص علومِ دینیہ کے کسی ایک بھی گوشے میں سلفِ صالحین کے کام کا احاطہ کرنا چاہے تو گزشتہ چودہ صدیوں کا تراثِ علمی اُسے اپنی جانب دعوتِ فکر دیتا ہے۔ پیش نظر پانچ سالہ نصاب کی تدریس کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو روایتی طرز پر علوم دینیہ کے ایک جامع نصاب سے گزارا جائے تاکہ انھیں گہرائی اور گیرائی کے ساتھ علوم کی مزید تحصیل کی ترغیب وتشویق ہو نیز وہ مؤثر انداز میں داعیٔ دین کا کردار ادا کر سکیں۔

### جامعات سے الحاق

فی الوقت طلبہ کو بیچلرز اور ماسٹرز کے پرائیویٹ امتحانات بھی دلوائے جائیں گے اور مستقبل میں بین الاقوامی سطح کی جامعات سے الحاق کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ

### مقاصد

اس نصاب کے مقاصد یہ ہیں کہ طلبہ کو علمائے دین و علومِ اسلامی کی چودہ صدیوں پر محیط روایت اور اقدار سے روشناس کروایا جائے اور فکری مضامین میں رسوخ کی جانب پیش قدمی ہو۔ فکری میدان کے لیے ایسے داعیانِ دین اور مدرسین تیار کیے جائیں جو اس میدان میں کفر والحاد کی فکری یلغار کا مقابلہ کر سکیں۔ ایسے اہل افرادِ کار تیار کیے جائیں جو جدید تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ علومِ دینیہ سے بھی مستحکم تعلق رکھتے ہوں، اور اکابر علماء کی سرپرستی میں خدمتِ دین کے مختلف گوشوں میں مؤثر کردار ادا کرنے کے اہل ہوں۔

## نصاب، مراحل اور طریقۂ کار

وہ علومِ دینیہ جن کی تحصیل، دین کے میدان میں کام کرنے والے ایک طالبِ علم کے لیے ناگزیر ہے، اُن کی باقاعدہ تدریس ہو اور طلبہ کو ایک خاص حد تک مناسب استعداد کا حامل بنایا جائے، جبکہ دیگر علوم کا ایک تعارف "توسیعی محاضرات" کے عنوان کے تحت مشاہیر علماء، ماہرینِ فن، اصحابِ علم و دانش کے سلسلے وار لیکچرز کے ذریعے کروادیا جائے۔ اللہ رب العزت کی توفیق و تیسیر شاملِ حال رہی تو اس طرح یہ بات ممکن ہوسکے گی کہ اس نصاب سے فارغ التحصیل ہونے والے سعادت منداپنی اُفتادِ طبع کے مطابق دین کے مختلف شعبوں میں گراں قدر خدمات انجام دے سکیں گے۔ ان شاءاللہ

## دورۂ حدیث شریف

ان ہی میں سے ایسے لوگ تیار ہوں گے ان شاءاللہ جو ٹھوس علمی بنیادوں پر دعوت و تبلیغ اور تحقیق و تصنیف کی راہوں پر آگے بڑھنے کی استعداد رکھتے ہوں۔ چنانچہ آگے چل کر اپنے تعلیمی سفر میں مزید ترقی کریں اور ایک مستند اور پختہ کار عالمِ ربانی کی حیثیت اختیار کرسکیں۔ واضح رہے کہ ابتدائی چار سالہ نصاب درسِ نظامی کی مروجہ اور متداول کتب میں سے درجہ موقوف علیہ تک کا احاطہ کرتا ہے۔ جو حضرات اس نصاب کی کامیابی سے تکمیل کرلیں گے، ان کے لیے ادارے ہی میں ملک کے نامور اور جید علماے محدثین کی زیرِ نگرانی دورۂ حدیث شریف کا انعقاد ہوگا جس میں یہ طلبہ شرکت کرکے اکابر علما اور محدثین کے سائے میں حدیثِ نبوی علی صاحبہ الصلاۃ والسلام کی اسنادِ عالیہ حاصل کریں گے، ان شاءاللہ!

**مزید تفصیلات درج ذیل ہیں:**

دورانیہ: پانچ سال: ہر سال 40 ہفتے (تقریباً 10 ماہ)، 1160 تعلیمی گھنٹے

## اوقات وایّام تدریس

| | |
|---|---|
| پیر تا جمعرات اور ہفتہ | جمعہ |
| صبح 8:00 تا دوپہر 1:00 بجے | صبح 8:00 تا دوپہر 12:00 بجے |

## کامیابی کے درجات اور اجراے سند

کورس کے اختتام پر کامیاب ہونے والے طلبہ کو ادارے کی جانب سے اکابر علماے کرام کے دستِ مبارک سے باضابطہ سند جاری کر کے دستار بندی کی جائے گی۔ کامیابی کی سند صرف اُن شرکا کو دی جائے گی جن کی حاضری ہر مضمون میں کم از کم 80 فیصد ہوگی اور انھوں نے ہر مضمون کے امتحان میں کم از کم 40 فیصد نمبر حاصل کیے ہوں گے۔ مستقبل میں اس نصاب سے فارغ التحصیل طلبہ کو بعد از الحاق، بین الاقوامی سطح کی جامعات کی سند بھی جاری کی جائے گی۔

## کامیابی کے درجات درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| ممتاز یعنی 80 تا 100 فیصد | جید جداً یعنی 70 تا 79 فیصد |
| جید یعنی 60 تا 69 فیصد | مقبول یعنی 40 تا 59 فیصد |
| شرکت کی سند یعنی 40 فیصد سے کم، حاضری کم از کم 70 فیصد | |

## نصاب

زیرِ نظر نصاب کی تدریس کے لیے پاکستان کی معروف علمی درسگاہوں اور وفاق المدارس العربیۃ پاکستان کے فُضَلا کی خدمات حاصل کی گئی ہیں، ان علماے کرام میں سے بعض معروف و ممتاز دینی تعلیمی اداروں میں تدریسی ذمے داریاں بھی ادا فرما رہے ہیں۔

## السنة الأولى (1st Year)

| عنوان | مقررہ کتب |
|---|---|
| علم التجويد | نورانی قاعدہ |
| ترجمة القرآن | توضیح القرآن (آسان ترجمۂ قرآن) |
| تفسير القرآن | منتخبات معارف القرآن |
| الحديث النبوى | رياض الصالحين |
| علم الفقه | تعليم الاسلام، الفقه الميسر |
| علم العقيدة | عقائد اهل السنة والجماعة |
| التصوف والسلوك | دل کی دنیا، تبلیغ دین |
| علوم القرآن | مقدمہ معارف القرآن |
| أصول الحديث | خير الأصول فى حديث الرسول ﷺ |
| أصول الفقه | أصول الشاشى |
| علم النحو والصرف | لسان القرآن (الجزءان: الأول والثانى)، هداية النحو وميزان الصرف |
| إعراب القرآن الكريم | قرآن حکیم کے منتخب مقامات کی صرفی و نحوی ترکیب |
| الأدب العربي | قصص النبيين (من الجزء الأول إلى الجزء الثالث) القراءة الرشيدة (الجزءان: الأول والثانى) |
| السيرة والشمائل | سیرت خاتم الأنبیاء ﷺ، سیرت صحابہ رضی اللہ عنہم |

| | |
|---|---|
| اللغة الفارسية | فارسی کا آسان قاعدہ |
| الفکر الإسلامی والمحاضرات الموسعة | فضیلت علم، اهل السنة والجماعة، منتخبات کلام اقبال، اسلام اور جدت پسندی، تقلید کی شرعی حیثیت |

السنة الثانية(2nd Year)

| عنوان | مقررہ کتب |
|---|---|
| علم التجويد | جمال القرآن |
| تفسير القرآن | تفسير الجلالين (النصف الثانی) |
| الحديث النبوی | رياض الصالحين |
| علم الفقه | مختصر القدوری |
| علم العقيدة | العقيدة الطحاوية |
| التصوف والسلوك | تعليم المتعلم |
| علوم القرآن | التبيان فی علوم القرآن |
| أصول الحديث | تيسير مصطلح الحديث |
| أصول الفقه | الوجيز فی أصول الفقه |
| القواعد الفقهية | الوجيز فی شرح القواعد الفقهية فی الشريعة الإسلامية (النصف الأول) |
| علم الصرف والنحو | دروس اللغة العربية لغير الناطقين بها ثلاثة أجزاء |

| | |
|---|---|
| علم البلاغة | دروس البلاغة |
| الأدب العربي | النصوص الأدبية، قصص النبيين (الجزءان: الرابع والخامس) |
| السيرة والشمائل | شمائل النبی ﷺ |
| اللغة الفارسية | گلستان و بوستان |
| علم المنطق | تيسير المنطق |
| الفکر الإسلامی والمحاضرات الموسعة | تعارف علوم اسلامیہ، عصر حاضر میں دین کی تعبیر و تشریح |

## السنة الثالثة (3rd Year)

| عنوان | مقررہ کتب |
|---|---|
| تفسير القرآن | تفسير الجلالين (النصف الاول) |
| الحديث النبوی | مشكاة المصابيح |
| علم الفقه | الهداية (أولين) |
| علم العقيده | شرح العقائد النسفية (منتخبات) |
| التصوف والسلوك | أيها الولد للغزالی رحمه الله |
| علوم القرآن | فصول فی أصول التفسير |
| أصول التفسير | الفوز الكبير فی أصول التفسير |
| أصول الحديث | شرح النخبة مع تدريب الراوی |

| | |
|---|---|
| أصول الفقه | نور الأنوار |
| القواعد الفقهية | الوجيز فی شرح القواعد الفقهية فی الشريعة الإسلامية (النصف الأخير) |
| علم البلاغة | البلاغة الواضحة |
| الأدب العربي | مختارات من أدب العرب وقصيدة بردة للبوصيرى رحمه الله |
| اللغة الفارسية | گلستان و بوستان |
| علم المنطق | المرقاة فی المنطق |
| الفكر الإسلامی والمحاضرات الموسعة | الانتباهات المفيدة عن الاشتباهات الجديدة، علم القراءات، اسلام اور علوم عمرانی، أيها المريد للشيخ حبيب علی الجفری اليمنی |

السنة الرابعة (4th Year)

(مساوی موقوف علیہ)

| عنوان | مقررہ کتب |
|---|---|
| تفسير القرآن | تفسير البيضاوی |
| الحديث النبوی | مشكاة المصابيح، مسند الإمام الأعظم، شرح معانی الآثار للطحاوی |
| علم الفقه | الهداية (آخرين)، السراجی فی الميراث |
| التصوف والسلوك | رسالة المسترشدين للمحاسبی رحمه الله |
| الأدب العربي | ديوان المتنبی، نفحة العرب، منتخبات من الأدب العربي |

| | |
|---|---|
| الفكر الإسلامي والمحاضرات الموسعة | منصبِ امامت، جديديت |

## السنة الخامسة (5th Year)

(دورۂ حدیث شریف)

| | |
|---|---|
| صحيح البخاری | سنن ابن ماجه |
| صحيح مسلم | سنن نسائی |
| جامع الترمذی | موطا الإمام مالك |
| سنن أبی داود | موطا الإمام محمد |

## یک سالہ تعلیم الاسلام کورس

### تعارف

موجودہ دور بجاطور پر مغربی فکر و فلسفے اور الحاد کا دور ہے۔ المیہ یہ ہے کہ مسلمان بھی اس ملحدانہ مغربی فکر و فلسفہ کے سامنے مغلوب اور بے بس نظر آتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ علمی سطح پر الحاد و مادہ پرستی کی اس یلغار کے سامنے بند باندھا جائے اور دینِ اسلام کی تعلیمات کو عوام الناس کے سامنے وقت کے محاورے اور اسلوب میں پیش کیا جائے۔ الحمدللہ اس مقصد کے حصول کے لیے فقہ اکیڈمی کے تحت "یک سالہ تعلیم الاسلام کورس" کے عنوان سے ایک کورس برائے حضرات و خواتین منعقد کیا جا رہا ہے۔

### مقاصد

مختلف شعبہ ہائے زندگی اور متنوع عمروں سے تعلق رکھنے والے افراد کو دین کی بنیادی تعلیمات سے آراستہ کرنا۔ مزید تفصیلات درج ذیل ہیں:

## نصاب

| عنوان | مقررہ کتب |
| --- | --- |
| ناظرہ و تجوید | نورانی قاعدہ |
| توضیح القرآن | توضیح القرآن (آسان ترجمۂ قرآن) |
| تفسیر قرآن | منتخبات معارف القرآن |
| حدیث و سنت | منتخبات ریاض الصالحین |
| فقہ العبادات والمعاملات | تعلیم الاسلام |
| عقائد و ایمانیات | عقائد اہل السنۃ والجماعۃ |
| تصوف و اخلاق | دل کی دنیا |
| عربی گرامر (صرف و نحو) | ادارے کے نوٹس |
| ترجمۂ قرآن مع ترکیب | قرآن حکیم کے منتخب مقامات کی صرفی و نحوی ترکیب |
| سیرت النبی ﷺ و سیرتِ صحابہ | سیرت خاتم الانبیاء ﷺ، مقامِ صحابہ |
| توسیعی محاضرات | فضیلت علم، اہل السنۃ والجماعۃ، منتخبات کلام اقبال |

## درس نظامی (الدرجة الأولیٰ والثانیة)

### تعارف ومقاصد

درس نظامی کا اہم ترین مقصد دینِ اسلام کی حفاظت، امتِ مسلمہ کی صراطِ مستقیم کی طرف رہنمائی، علوم دینیہ کی پختہ بنیادوں پر تدریس، جاہلیت جدیدہ وقدیمہ اور باطل افکار کی علمی بیخ کنی اور مختلف قسم کے ملحدانہ افکار ونظریات کی گمراہیوں سے بچا کر طلبہ کی اسلام کے روشن اصولوں کی جانب رہنمائی کرنا ہے اور ایسے رجال کار پیدا کرنا جو دورِ حاضر میں اٹھنے والے فتنوں کا پرزور رد کرنے کی لیاقت رکھتے ہوں۔

### دورانیہ

40 ہفتے (تقریباً 10 ماہ)، 480 تعلیمی گھنٹے، پیر تا ہفتہ، صبح 7 بجے تا صبح 9 بجے

نوٹ: درسِ نظامی صرف حضرات کے لیے ہے۔

### نصاب

(درجہ اولیٰ)

| عنوان | مقررہ کتب |
| --- | --- |
| علم الصرف | تعلیم الصرف |
| تمارین الصرف | تدریب الصرف |
| علم النحو | نحومیر |
| تمارین النحو | نحومیر |
| علم الاعراب | شرح مأة عامل |
| اللغة والانشاء | الطریقة العصریة |

| | |
|---|---|
| علم التجوید | جمال القرآن |

## نصاب

(درجہ ثانیہ)

| عنوان | مقررہ کتب |
|---|---|
| علم التجوید | فوائد مکیہ |
| ترجمة و تفسیر(پارہ عم) | عنبر الیم فی تفسیر جزء عم |
| الحدیث النبوی | زاد الطالبین |
| علم الفقه | مختصر القدوری |
| علم النحو | هداية النحو / تسهيل الادب |
| علم الصرف | علم الصيغة |
| اللغة و الانشاء | معلم الانشاء / القراءة الراشدة |
| علم المنطق | تیسیر المنطق / المرقاة / ایساغوجی |

## مختصر تعلیم الاسلام کورس (Weekend Course)

ایسے جدید تعلیم یافتہ حضرات و خواتین جو دوران ہفتہ صبح کے اوقات میں اپنی پیشہ ورانہ یا تعلیمی مصروفیات کی وجہ سے یک سالہ تعلیم الاسلام کورس میں شریک ہونے سے قاصر ہوں، ان کے لیے تین ماہ کے دورانیے میں بنیادی مضامین پر مشتمل ایک جامع و مختصر کورس۔

اوقات و ایّام تدریس : ہفتے میں دو دن کلاس: ہفتہ اور اتوار، صبح 9:00 بجے تا دوپہر 1:00 بجے

## نصاب

| عنوان | مقررہ کتب |
|---|---|
| ناظرہ و تجوید | نورانی قاعدہ |
| تفسیر قرآن | سلسلہ وار مطالعہ معارف القرآن |
| حدیث و سنت | تعارف علم حدیث |
| فقہ العبادات والمعاملات | تعلیم الاسلام |
| عربی گرامر (صرف و نحو) | ادارے کے نوٹس |
| سیرت النبی ﷺ | سیرت خاتم الانبیاء ﷺ |
| توسیعی محاضرات | فضیلت علم، اہل السنۃ والجماعۃ |

## قرآنی عربی کورس

حضرت مولانا مفتی ابولبابہ شاہ منصور صاحب مدظلہ العالی کا مرتب کردہ تین ماہ پر مشتمل ایک جامع کورس جو ہر عمر اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے حضرات کے لیے ترتیب دیا گیا ہے، جس میں شرکت کرنے سے قرآن کریم سمجھنا آسان ہوجاتا ہے۔ اس کی تدریس مولانا عثمان خالق داد صاحب کے ذمے ہے۔

اوقات و ایام تدریس: ہفتے میں تین دن کلاس: پیر، بدھ، جمعہ، بعد نماز عشاء، ایک گھنٹہ

نوٹ: ہر تعلیمی سال کا آغاز ماہ شوال کی پندرہ تاریخ سے ہوتا ہے جبکہ سال کی تکمیل ماہ شعبان کی پندرہ تاریخ کو ہوتی ہے۔

# وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے الحاق

الحمدللہ گزشتہ سال فقہ اکیڈمی کا وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے الحاق برائے درسِ نظامی بھی منظور ہو گیا تھا۔ نیز اس سال 14 طلبہ نے فقہ اکیڈمی میں وفاق المدارس کے تحت امتحان میں شرکت کی اور 3 طلبہ ممتاز اور 11 طلبہ جید جدا کے درجات پر فائز ہوئے۔

# شعبہ جات کی رپورٹ

گزشتہ دو سالوں میں مصروفِ عمل مختلف شعبہ جات اور سرگرمیوں کا تعارف اور ان کی کیفیت ذیل میں پیش کی جارہی ہے:

## شعبۂ تعلیم و تدریس

### تعلیم الاسلام کورس (یک سالہ)

گزشتہ دو سالوں میں ادارۂ ہذا میں منعقد ہونے والے تعلیم الاسلام کورس کی نظامت استاذ حافظ اسامہ علی صاحب کے ذمے رہی، اس کورس میں مندرجہ ذیل تعداد میں خواتین و حضرات نے شرکت کی:

| تعلیم الاسلام کورس | | |
|---|---|---|
| | | |
| سال | حضرات | خواتین |
| 2018-19 | 10 | 8 |
| 2019-20 | 15 | 20 |
| | | |

### الشهادة الدراسیه فی العلوم الاسلامیة (پانچ سالہ)

اس کورس میں تدریس کی ذمے داریاں اکیڈمی کے اساتذہ کے علاوہ وہ علمائے کرام ادا کر رہے ہیں جو مختلف مدارس میں تدریسی خدمات انجام دیتے ہیں جن کا اجمالی تذکرہ ذیل میں پیش کیا جارہا ہے۔

مدیرِ ادارہ جناب مفتی اویس پاشا قرنی صاحب کے ذمے علمِ اصولِ فقہ، علمِ عقیدہ اور علمِ تصوف کی تدریس ہے، مولانا معراج محمد صاحب عربی زبان وادب کے استاذ ہیں، مشکوٰۃ شریف کی تدریس مفتی اویس پاشا قرنی صاحب اور مفتی امان اللہ صاحب کے ذمے ہے۔ جناب ابرار حسین صاحب فقہ العبادات کی جبکہ مفتی وسیم احمد صاحب فقہ البیوع کی تدریس کی ذمے داری ادا کر رہے ہیں۔ ترجمہ وتفسیر حافظ اسامہ علی صاحب کے ذمے ہے۔ تجوید کی تدریس مولانا عبد الغفور صدیقی فرماتے ہیں۔ جناب عابد علی صاحب کے ذمے علوم القرآن کی تدریس ہے۔

اکیڈمی کے باہر سے تشریف لانے والے اساتذہ میں رئیس شعبہ تخصصات جامعۃ الرشید استاذِ محترم حضرت مولانا مفتی ابولبابہ شاہ منصور صاحب دامت برکاتہم ہدایہ رابع کی تدریس فرماتے ہیں جبکہ استاذ و معین مفتی دارالافتاء جامعۃ الرشید حضرت مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب دامت برکاتہم ترمذی شریف کی تدریس کرتے ہیں۔ مولانا ڈاکٹر عبدالقادر ہاشم صاحب کے ذمے حدیث اور اصولِ حدیث کے اسباق کی تدریس ہے، آپ ملک کی معروف درس گاہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے فاضل اور استاذ بھی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ جامعہ کراچی سے ڈاکٹریٹ بھی کر چکے ہیں، مفتی حیات محمد صاحب جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوریؒ ٹاؤن سے فارغ التحصیل ہیں اور پی ایچ ڈی بھی کر چکے ہیں۔ آپ کے ذمے ہدایہ کتاب العبادات اور کتاب البیوع کے اسباق ہیں۔

ہدایہ اول کی تدریس مفتی محمد شعیب صاحب کے ذمے ہے جبکہ مفتی شاہد خان صاحب ہدایہ ثالث کی تدریس فرماتے ہیں۔ ڈاکٹر عمران لطیف صاحب کے ذمے اضافی محاضرات کی تدریس ہے۔ موصوف شعبہ عربی میں جامعہ کراچی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے حامل ہونے کے ساتھ ساتھ اسی شعبے میں اسسٹنٹ پروفیسر بھی ہیں۔ مولانا محمد فراز صاحب شرح العقائد اور بلاغت کے اسباق پڑھانے کا شرف حاصل کرتے ہیں، آپ بھی جامعہ دارالعلوم کراچی کے استاذ ہیں۔

گزشتہ دو سالوں میں ادارۂ ہذا میں منعقد ہونے والے الشھادۃ الدراسیہ فی العلوم الاسلامیۃ کورس میں درج ذیل تعداد میں حضرات نے شرکت کی:

| الشہادۃ الدراسیہ فی العلوم الاسلامیۃ (پانچ سالہ) | |
|---|---|
| | |
| سالِ اول | حضرات |
| 2018-19 | 8 |
| 2019-20 | 15 |
| | |
| سالِ دوم | حضرات |
| 2018-19 | 9 |
| 2019-20 | 8 |
| | |
| سالِ سوم | حضرات |
| 2018-19 | 10 |
| 2019-20 | 10 |
| | |
| سالِ چہارم | حضرات |
| 2018-19 | 20 |
| 2019-20 | 16 |
| | |

## مختصر تعلیم الاسلام کورس

گزشتہ سال میں ادارۂ ہذا میں منعقد ہونے والے مختصر تعلیم الاسلام کورس میں مندرجہ ذیل تعداد میں خواتین و حضرات نے شرکت کی۔

| مختصر تعلیم الاسلام کورس | | |
|---|---|---|
| | | |
| سال | حضرات | خواتین |
| 2019-20 | 15 | 20 |

## قرآنی عربی کورس

گزشتہ سال میں ادارۂ ہذا میں منعقد ہونے والے قرآنی عربی کورس میں مندرجہ ذیل تعداد میں حضرات نے شرکت کی۔

| مختصر تعلیم الاسلام کورس | |
|---|---|
| | |
| سال | حضرات |
| 2019-20 | 15 |

# اکیڈمی کی آن لائن تعلیمی سرگرمیاں

| نمبر | عنوان | مدرس | نوعیت |
|---|---|---|---|
| 1 | اصلاحی مجلس | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مدظلہ | ہفتہ وار |
| 2 | خصوصی اصلاحی مجلس | مفتی ذاکر اللہ کاکاخیل صاحب مدظلہ | ایک روزہ |
| 3 | درس قرآن | حافظ سید اسامہ علی صاحب مدظلہ | ہفتہ وار |
| 4 | استقبال رمضان | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مدظلہ | ایک روزہ |
| 5 | دورہ ترجمہ و تفسیر قرآن مجید | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مدظلہ | تیس روزہ |
| 6 | فارسی سیکھیے! | مفتی امان اللہ خان صاحب مدظلہ | ہفتہ وار |
| 7 | مختصر عربی گرامر کورس | استاذ عابد علی صاحب مدظلہ | دس روزہ |
| 8 | سورۃ الکھف مفصل دروس | حافظ عمیر انور صاحب مدظلہ | بارہ روزہ |
| 9 | خصوصی مطالعہ بہشتی زیور | مولانا ڈاکٹر عبدالقادر ہاشم صاحب مدظلہ | ہفتہ وار جاری |
| 10 | مختصر عربی گرامر کورس | استاذ عابد علی صاحب مدظلہ | چودہ روزہ |
| 11 | دورہ ترجمہ و تفسیر قرآن مجید | حافظ سید اسامہ علی صاحب مدظلہ | تیس روزہ |
| 12 | درسِ شمائلِ ترمذی | مفتی احسان اللہ شائق صاحب مدظلہ | جاری ہے |
| 13 | بنیادی علم دین کورس | استاذ ابرار حسین صاحب مدظلہ | ہفتہ وار تین دن |
| 14 | تعلیم الاسلام کورس سال اوّل | متفرق | ہفتہ وار پانچ دن |
| 16 | مختصر تعلیم الاسلام کورس | متفرق | ہفتہ وار دو دن |
| 17 | دروس آخری دس سورتیں | حافظ محمد وقار صاحب مدظلہ | تین روزہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 18 | قرآنی عربی کورس | مولانا محمد عثمان خالق داد صاحب مدظلہ | تین ماہ |

الحمدللہ ان دو سالوں میں کثیر تعداد میں خلق خدا نے ان دروس سے استفادہ کیا خصوصا لاک ڈاؤن کے دوران فقہ اکیڈمی کے آن لائن دروس کو کافی پذیرائی حاصل رہی۔ کوائف کے مطابق اکیڈمی کے آن لائن پروگرامات سے استفادہ کرنے والے افراد کی اوسطا تعداد درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| یومیہ: 32 | ہفتہ وار: 224 |
| ماہانہ: 958 | سالانہ: 11652 |

# حلقات و دورات و محاضرات

| نمبر | عنوان | مدرس | نوعیت |
|---|---|---|---|
| 1 | فضیلت علم | استاذ محمد رشید ارشد صاحب مدظلہ | ایک روزہ |
| 2 | الانتباهات المفيدة | مولانا الطاف الرحمن عباسی صاحب مدظلہ | ہفتہ وار |
| 3 | حلقۂ اصولِ فقہ | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مدظلہ | چار روزہ |
| 4 | تجوید کورس | قاری عبدالغفور صاحب | چھ ماہ |
| 5 | دروس اللغة العربية | حافظ محمد وقار صاحب | چھ ماہ |
| 6 | ختم نبوت کورس | جناب تیسیر علی صاحب | ایک روزہ |
| 7 | زائر حرمین | مفتی ذاکر اللہ کاکاخیل صاحب مدظلہ | ایک روزہ |
| 8 | خلاصہ تفسیر قرآن کیوں اور کیسے؟ | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مدظلہ | ایک روزہ |
| 9 | استقبال رمضان | حافظ سید اسامہ علی صاحب مدظلہ | ایک روزہ |
| 10 | زکوٰۃ-احکام ومسائل | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مدظلہ | ایک روزہ |
| 11 | استقبال رمضان | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مدظلہ | ایک روزہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 12 | محاضرات حدیث | استاذ محمد رشید ارشد صاحب مد ظلہ | تین روزہ |
| 13 | فلسفے، ادب اور تصوف کا باہمی ربط | جناب احمد جاوید صاحب مد ظلہ | ایک روزہ |
| 14 | حجامہ | حکیم ڈاکٹر آصف اقبال صاحب | ایک روزہ |
| 15 | الفتن والبلایا والمحن والرزایا | استاذ محمد رشید ارشد صاحب مد ظلہ | ایک روزہ |
| 16 | احادیثِ فتن اور علاماتِ قیامت | استاذ محمد رشید ارشد صاحب مد ظلہ | چودہ روزہ |
| 17 | الشفاء بتعریف حقوق المصطفی | استاذ محمد رشید ارشد صاحب مد ظلہ | انیس روزہ |
| 18 | رمضان المبارک فضائل و مسائل | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مد ظلہ | ایک روزہ |
| 19 | تعارف فقہ کورس | استاذ ابرار حسین صاحب مد ظلہ | چھ روزہ |
| 20 | مسلمان ڈاکٹر رسول ﷺ کی نظر میں | مفتی ڈاکٹر وصی فصیح صاحب | ایک روزہ |
| 21 | یسئلونک - سوال جواب نشست | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مد ظلہ | ہفتہ وار |
| 22 | استقبال رمضان | حافظ سید اسامہ علی صاحب مد ظلہ | ایک روزہ |
| 23 | وراثت - اصول و مسائل | مولانا ڈاکٹر عبد القادر ہاشم صاحب مد ظلہ | ایک روزہ |
| 24 | رمضان المبارک اور سلف صالحین | حافظ عمیر انور صاحب مد ظلہ | ایک روزہ |
| 25 | الاربعین فی فضائل القران | حافظ حماد الرحمن ترک صاحب مد ظلہ | بیس روزہ |
| 62 | Belief in the Day of Judgement | استاذ حسن نور صاحب مد ظلہ | ایک روزہ |
| 27 | درس حدیث از معارف الحدیث | حافظ عمیر انور صاحب مد ظلہ | بیس روزہ |
| 28 | مطالعۂ کتابِ علوم القرآن | حافظ سید اسامہ علی صاحب مد ظلہ | سات روزہ |
| 29 | خصوصی درس - خدمت خلق | حافظ سید اسامہ علی صاحب مد ظلہ | ایک روزہ |
| 30 | ختم نبوت کورس | حضرت مولانا عادل غنی صاحب مد ظلہ | ایک روزہ |
| 31 | دروس آخری دس سورتیں | حافظ محمد وقار صاحب مد ظلہ | تین روزہ |

# شعبۂ تحقیق و تصنیف

فقہ اکیڈمی کی جانب سے شایع ہونے والی کتب، مضامین، کورسز کے اشتہارات اور واٹس ایپ گروپس پر چلنے والے کتبہ جات کی تیاری اس شعبے کے تحت کی جاتی ہے۔ اس شعبے کے رئیس حضرت مولانا مفتی نذیر احمد ہاشمی صاحب مدظلہ جبکہ ناظم صوفی جمیل الرحمٰن عباسی صاحب ہیں اور نائب ناظم حافظ حماد احمد ترک صاحب ہیں۔ رواں دورانیے میں درج ذیل مضامین اور کتب کی کمپوزنگ، پروف ریڈنگ اور فقہ اکیڈمی کی ویب سائٹ پر اپلوڈنگ کا اہتمام کیا گیا:

| | |
|---|---|
| انسان کا مقصدِ حیات | استاذ محمد رشید ارشد صاحب |
| الفتن والبلایا والمحن والرزایا | استاذ محمد رشید ارشد صاحب |
| اقوالِ امام حسن بصری ؒ | استاذ محمد رشید ارشد صاحب |
| عشرۂ ذوالحجہ و عیدالاضحیٰ فضائل و مسائل | استاذ مفتی اویس پاشاقرنی صاحب |
| کتاب فتنۂ مودودیت: ایک جائزہ | صوفی جمیل الرحمٰن عباسی صاحب |
| بہار ہے کہ خزاں؟ | صوفی جمیل الرحمٰن عباسی صاحب |
| وفاق المدارس کے امتحانات: ایک تبصرہ | حافظ حماد احمد ترک صاحب |
| پراسپیکٹس | مجلسِ تعلیم فقہ اکیڈمی |

شعبے کے تحت لاتعداد کتبوں، اشتہاروں اور عبارات کی پروف ریڈنگ، اردو ترجمہ، عربی عبارت پر اعراب لگانے کا کام کیا گیا، جبکہ درج ذیل مضامین کی اپلوڈنگ و اشاعت کا کام جاری ہے:

| نمبر | مضمون کا نام | مصنف |
|---|---|---|
| 1. | سیکولرزم | استاذ محمد رشید ارشد صاحب |
| 2. | رسالہ جدیدیت کے اسباق | |
| 3. | نیکیوں میں جلدی کرنا | |
| 4. | جدید برائیوں سے کیسے بچا جائے؟ | |
| 5. | عالمِ مغرب میں اسلام کے رجحانات | |
| 6. | فتنۂ انکارِ حدیث | |
| 7. | فقہ اکیڈمی کا افتتاحی درس | حضرت مفتی ابولبابہ شاہ منصور صاحب |
| 8. | تعلیم و تعلمِ قرآن، آداب، شرائط اور نزاکت | |
| 9. | دروسِ ہدایہ | |
| 10. | عشرۂ ذوالحجہ و عیدالاضحی: فضائل و مسائل | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب |
| 11. | تصورِ اہل السنۃ والجماعۃ | |
| 12. | فقیہ کون؟ | |
| 13. | نظم شکوہ، جوابِ شکوہ و مسجدِ قرطبہ | |
| 14. | شمائل النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ | صوفی جمیل الرحمان عباسی صاحب |
| 15. | علم کی فضیلت | |
| 16. | غیبت کی حرمت وشناعت | |
| 17. | ذکرِ تعار | |
| 18. | اہلِ خانہ کی تربیت | |

| | | |
|---|---|---|
| 19. | حدیثِ دل | |
| 20. | اختلاطِ ذکر و فکر | |
| 21. | اخوت و محبت | |
| 22. | اخلاصِ نیت | |
| 23. | تزکیۂ نفس | |
| 24. | الصلاۃ والسلام علی خیر الانام ﷺ | |
| 25. | آدابِ سفر | حافظ حماد احمد ترک صاحب |
| 26. | فرقہ بندی | |
| 27. | سوانح مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ | |
| 28. | ترک تازیاں-سفرنامۂ ترکی | مفتی عبدالرحمٰن مدنی صاحب |
| 29. | لبرل ازم | مولانا معراج محمد صاحب |
| 30. | بار بار حج کرنے والوں کے نام | محمد ایاز صاحب |
| 31. | یہ بھی دیکھو کہ کون کہہ رہا ہے | محمد بلال صاحب |
| 32. | درسِ قرآن کے ضمن میں دو انتہائیں | |

## فتاویٰ یسئلونک دار الافتاء فقہ اکیڈمی

بفضل اللہ تعالیٰ شعبہ فتاوی یسئلونک، دارالافتاء فقہ اکیڈمی بین الاقوامی سطح پر مسلمانوں کو ان کے مسائل پر شرعی رہنمائی کے لیے خدمات کی فراہمی میں ہمہ وقت مشغول ہے۔ الحمدللہ یہ تمام خدمات خالصتاً فی سبیل اللہ فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس شعبے کی خوش نصیبی ہے کہ حضرت الاستاذ مفتی احسان اللہ شائق صاحب مد ظلہ العالی (رئیس دار

الافتاء، فقہ اکیڈمی) اپنا قیمتی وقت فتاویٰ جات کی تصحیح وتصدیق کے لیے عنایت فرماتے ہیں۔اس ضمن میں ادارے سے کل وقتی منسلک دو مفتیان کرام کے علاوہ چار عدد معاون عملہ بھی خدمات فراہم کرتا ہے۔

## کارکردگی

کم وبیش 4500 سوالات کے تحریری، تحقیقی اور قانونی حیثیت کے حامل فتاویٰ جاری کیے جاچکے ہیں۔اس کے علاوہ 80 کے قریب ہفتہ وار شمارہ جات بعنوان "فتاویٰ یسئلونک" کی بصورت سافٹ کاپی اشاعت عمل میں آچکی ہے۔ مذکورہ شمارہ تین صفحات پر مشتمل ہوتا ہے اور اس شمارے کی واٹس ایپ کے ذریعے پوری دنیامیں تشہیر بذریعہ احباب عمل میں لائی جاتی ہے، ساتھ ساتھ ویب سائٹ پر بھی اپلوڈ کیا جاتا ہے۔

مختلف موقعوں کی مناسبت سے شرعی رہنمائی پر مبنی سوشل میڈیا پوسٹوں کی اشاعت کی جاتی ہے۔ مثلاً رمضان المبارک فضائل و مسائل، روزہ فضائل و مسائل، اعتکاف فضائل و مسائل، زکاۃ فضائل و مسائل، حج فضائل و مسائل، تہجد، اشراق، چاشت، صلاۃ التسبیح وغیرہ فضائل ومسائل، وغیرہ۔

سال ۱۴۳۹ و ۱۴۴۰ ہجری میں فریضۂ حج کی ادائیگی کے سفر پر موجود احباب کی مستقل رہنمائی کے لیے واٹس ایپ گروپس کا قیام عمل میں لایا گیا۔اسی طرح حج و عمرہ پر جانے والے احباب کے لیے تربیتی نشستوں کا اہتمام کیا گیا۔ مختلف عمومی موضوعات پر مبنی 320 مسائل کے جوابات ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے جاچکے ہیں۔

اس سال رمضان المبارک سے قبل ایک سوالات وجوابات کی آن لائن نشست بعنوان "یسئلونک، نشست برائے سوال وجواب، روز مرہ کے فقہی سوالات اور فکری وسماجی مسائل پر شرعی رہنمائی" کے ہفتہ وار انعقاد کا آغاز کیا گیا جس میں نائب مفتی فتاوی یسئلونک، مفتی اویس پاشاقرنی صاحب مدظلہ نے سائلین کے موصول ہونے والے سوالات کے جوابات آن لائن دیے، یہ نشست ویب سائٹ، یوٹیوب اور فیس بک پر نشر کی جاتی ہے۔ رمضان المبارک میں یہ نشست یومیہ بعد نماز فجر کردی گئی تھی۔اس نشست کی رکارڈنگ ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

## مسائل کی نوعیت

اس شعبے کو دنیا بھر سے آن لائن درج ذیل نوعیتوں پر حل طلب مسائل موصول ہوتے ہیں:

عقائد، عبادات، معاملات، رسوم، معاشرت، معیشت، سیاست، نفاذ شریعت، دعوت و تبلیغ، خلافت و امامت، تنظیم و اجتماعیت، علوم الحدیث، علوم القرآن، علوم الفقہ، مغربی افکار و نظریات، فلسفہ و جدیدیت، اسلام و سائنس، حالات حاضرہ، بین الاقوامی مسائل، میڈیا اور ٹیکنالوجی، الحاد و دہریت، فقہ و فتویٰ، جدید فقہی مسائل، تصوف و احسان، آداب و اخلاق، تحریکی و فکری مسائل، تعلیم و تربیت، تاریخ اسلام، میراث و اوقاف، نکاح و طلاق، فرق باطلہ، افراد و کتب پر شرعی آرا۔

## شرعی مسائل موصول ہونے کے ذرائع

شعبے کو درج ذیل صورتوں میں سوالات موصول ہوتے ہیں:

سوالات تحریری صورت میں متعیّن سوالنامے پر، www.yasalunak.com پر موجود یسئلونک پیج پر، ask@yasalunak.com پر سوال برقی مراسلے (Email) کی صورت میں اور واٹس ایپ نمبر 0333-9206874 پر مکمل نام کے ساتھ صوتی یا تحریری مراسلے کی صورت میں۔

واضح رہے کہ شعبے کے تحت جوابات، سوال موصول ہونے کی ترتیب سے بذریعہ برقی مراسلہ، واٹس ایپ یا بالمشافہ ارسال کیے جاتے ہیں۔

## کارکردگی جولائی ۲۰۱۸ء تا جون ۲۰۲۰ء

گزشتہ دو سالوں میں تقریباً 1700 سوالات موصول ہوئے، جن کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے تحریری یا صوتی صورت میں جوابات ارسال کیے گئے۔ تحریری صورت میں ارسال شدہ فتاویٰ کی تعداد 965 ہے، بقیہ جوابات صوتی صورت میں شعبے کے مفتیان کرام نے ریکارڈ کروائے اور واٹس ایپ کے ذریعے ارسال کیے گئے۔ شعبے کے پاس اس وقت 100 کے قریب سوالات مختلف مراحل میں زیر تعمیل ہیں۔

## شعبۂ مطبوعات

اس شعبے کے ناظم جناب نصیب خان صاحب ہیں۔ یہ شعبہ اکیڈمی میں روزِ اول سے متحرک ہے اور اپنی ذمے داریاں بخوبی انجام دے رہا ہے۔ اس شعبے کے تحت ادارے کا خوبصورت اور رنگین پراسپیکٹس بھی شائع کیا گیا۔ جبکہ اس شعبے کے تحت ہی حضرت مولانا خلیل الرحمٰن سجاد نعمانی صاحب مد ظلہ کا تحریر کردہ شہرہ آفاق کتابچہ رمضان المبارک برکات وفضائل، احکام ومسائل شائع کیا گیا۔ استاذ محمد رشید ارشد صاحب کا مقالہ بے خدا تہذیب: اسباب واثرات بھی خوبصورت سرورق کے ساتھ شائع ہوا۔ شعبہ تحقیق وتصنیف کے نوجوان رفیق حافظ حماد احمد ترک صاحب کا مرتب کردہ کتابچہ الاربعین فی فضائل القرآن جیبی سائز میں شائع کیا گیا۔ اسی طرح فقہ اکیڈمی، فاتح فاؤنڈیشن، الباقیات الصالحات فاؤنڈیشن اور الحکمہ وقف پاکستان فاؤنڈیشن کے لیے آفس فائلز بھی پرنٹ کی گئیں۔ مزید برآں، فاتح فاؤنڈیشن پاکستان کے تحت مرتب کیا جانے والا رسالہ داستانِ ہجرت ونصرت اور ترکی کی تاریخی مساجد کی خوبصورت تصاویر سے آراستہ دیدہ زیب کلینڈر بھی اسی شعبے کے تحت طبع ہوا۔ مختلف مواقع پر پینافلیکس کے ذریعے پورے شہر میں تشہیر کا کام میں کیا گیا۔

## شعبۂ تعمیرات

اکیڈمی کے قیام کے وقت ہی سے یہ شعبہ مصروف عمل ہے۔ واضح رہے کہ اکیڈمی کے لیے کرائے پر ایک رہائشی بنگلہ حاصل کیا گیا تھا، چنانچہ اس عمارت میں تعلیمی ادارے کی ضروریات کے مطابق ناگزیر تبدیلیاں کی گئیں۔ اس ضمن میں جو اہم امور انجام دیے گئے ان کی تفصیل درج ذیل ملاحظہ فرمائیں:

رہائشی کمروں کی درسگاہوں اور دفاتر میں تبدیلی۔

زمینی منزل کے لاؤنج کو ایلومینیم اور شیشے کے پارٹیشن کے ذریعے ایک اضافی درس گاہ کی فراہمی۔

کچن کے لیے مختص جگہ کو دو حصوں میں تقسیم کرکے دیوان خاص اور مکتبے میں تبدیلی۔

پہلی منزل کی گیلری پر ایلومینیم کی گرل اور وضو کے لیے واش بیسن کی تنصیب۔

پہلی منزل پر رہائشی کمروں کی دار الافتاء، دفتر مدیر ادارہ اور مہمان خانے میں تبدیلی۔

دوسری منزل پر ادارے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مطبخ، دارالاقامہ اور بیت الخلا تعمیر کیے گئے۔

# مرکزِ تعلم و تحقیق

کسی بھی ادارے میں عموماً اور تعلیمی ادارے میں خصوصاً لائبریری کا وجود اس ادارے سے متعلقہ افراد کی فکری اور نظریاتی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ آج دینِ اسلام کی تعلیمات کا صدیوں بعد بغیر کسی تحریف و تغییر کے ہمارے پاس محفوظ ہونا کتابوں کی صورت میں موجود علمی ذخیرے کی بدولت ہی ممکن ہوسکا ہے۔ اس علمی ذخیرے کو محفوظ رکھ کر آنے والی نسل تک پہنچانا ہم سب کا مشترکہ فرض بنتا ہے۔

الحمد للہ! فقہ اکیڈمی میں قرآن و سنت کی تعلیم کے سلسلے میں جہاں دیگر شعبہ جات مصروفِ عمل ہیں وہیں مسلمانوں کے علمی ذخیرے کو محفوظ رکھنے کے جذبے کے تحت اللہ رب العزت کے فضل وکرم اور اہل خیر کے تعاون کے نتیجے میں زرِ کثیر خرچ کرکے ایک لائبریری کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے۔ لائبریری کے لیے ادارے میں موجود دیوانِ عام کا مقام مختص کیا گیا ہے، جسے دو سو خوبصورت شیلف سے مزین کیا گیا ہے۔

لائبریری میں تفسیر، اصول تفسیر، حدیث، اصول حدیث، علوم القرآن، علوم الحدیث، فقہ، اصولِ فقہ، اسماء الرجال، تاریخ، تصوف اور دعوت و اصلاح جیسے متنوع موضوعات پر 2120 عدد کتب موجود ہیں، جن سے علمائے کرام، مفتیان عظام، طلبہ کرام و دیگر علم دوست حضرات اپنے ذوق کے مطابق وقتاً فوقتاً مستفید ہوتے رہتے ہیں۔ واضح رہے کہ حسبِ ضرورت کتب خریدنے کا سلسلہ تاحال جاری ہے۔

اللہ تعالیٰ اس لائبریری کو زیادہ سے زیادہ لوگوں کے علم و عمل، فکر و نظر کی اصلاح کا ذریعہ بنا کر اس کے منتظمین اور معاونین کو دنیا و آخرت میں بھرپور جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

# شعبۂ نکاح رجسٹریشن

الحمدللہ فقہ اکیڈمی میں شعبہ نکاح بھی قائم ہے، جس کے تحت بلا معاوضہ نکاح پڑھائے اور رجسٹر کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کا باقاعدہ رکارڈ رکھا جاتا ہے جو سرکاری دفتر میں بھی جمع کروایا جاتا ہے۔

گزشتہ دو سالوں میں فقہ اکیڈمی کے تحت 35 عدد نکاح رجسٹر کیے گئے۔ نکاح رجسٹرار مفتی اویس پاشا قرنی صاحب باقاعدہ حکومت پاکستان کے منظور شدہ رجسٹرار ہیں۔

نکاح کے موقع پر نکاح خواں حضرات خطبہ نکاح کے ساتھ اصلاحی وعظ کا بھی اہتمام کرتے ہیں، جس میں شادی بیاہ کے ضمن میں سنت کی پیروی اور فضول خرچی و بے جا رسومات سے اجتناب کی ترغیب کروائی جاتی ہے۔

گزشتہ دو سالوں میں اکیڈمی کے تحت درج ذیل نکاح خواں حضرات نے نکاح پڑھائے۔

حافظ محمد رشید ارشد صاحب، مفتی اویس پاشا قرنی صاحب، حافظ سید اسامہ علی صاحب، مفتی سید احمد علی صاحب، مولانا سید محمد علی صاحب، مفتی وسیم احمد صاحب، جناب زبیر احمد صاحب، جناب کفیل احمد صاحب۔

# اجراے رسائل

بحمد اللہ تعالیٰ ادارہ فقہ اکیڈمی روز اول سے ہی مسلمانوں کی دینی و فلاحی ضرورت کو دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق پورا کرنے کی ہر ممکن کوشش میں اپنا حصہ شامل کر رہا ہے۔ موجودہ دور کا مسلمان کہاں کھڑا ہے؟ اسے کن چیلنجز کا سامنا ہے؟ اور ان چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لیے ایک درد مند مسلمان کو کیا کرنا چاہیے؟ موجودہ دور کے اہم مسائل کون سے ہیں جن سے واقفیت ضروری ہے؟ متجددین اور تجدد پسند افراد کی آرا اور مواقف کیا ہیں؟ فرقِ باطلہ کے افکار و نظریات کیا ہیں؟ ان سوالات کا جواب ملک پاکستان کے مختلف گوشوں سے دینی فکر رکھنے والے اداروں کی طرف سے شائع ہونے والے ماہانہ رسائل سے عیاں ہوتے ہیں۔

اس سلسلے میں ہمارے ادارے نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ مختلف مدارس اور تحریکوں کے ترجمان رسالے مستقل بنیاد

پر ادارے کے لیے لگوائے جائیں گے۔ فی الحال جن رسائل کا اجرا کیا گیا ہے ان کے نام درج ذیل ہیں:
البلاغ (عربی، اردو)، بینات (عربی، اردو)، الفاروق (عربی، اردو)، وفاق المدارس (عربی، اردو)، شریعہ اینڈ بزنس، ختمِ نبوت، فہمِ دین، مجلۃ السلام (جامعہ بیت السلام سے شائع ہونے والے عربی، اردو، انگریزی رسائل)، نداء الخیر، الشریعہ، حکمتِ قرآن، میثاق، ندائے خلافت، ترجمان القرآن، نشور، اشراق، طلوعِ اسلام۔
ضرورت کے تحت دیگر رسائل کا اجراء بھی کیا جائے گا۔ اللہ تعالی تمام مسلمانوں کو دینِ اسلام کا صحیح فہم اور صحیح تفہیم نصیب فرمائیں۔ آمین

# مکتبہ

الحمدللہ! فقہ اکیڈمی کے تعلیمی سال کے آغاز سے ہی مکتبے کا قیام عمل میں آچکا تھا جس سے طلبہ کو درسی کتب کی فراہمی مسلسل جاری رہی، بعد ازاں مکتبے کے لیے ایک جگہ مختص کر دی گئی جہاں نصابی کتب کے ساتھ ساتھ دیگر علمی و تربیتی کتب بھی مکتبے میں شامل کر دی گئیں۔
مکتبے اور کتب خانے کے لیے گزشتہ سال تقریباً -/840000 روپے کی کتب خریدی گئیں، جبکہ طلبہ کو اسکالرشپ کی مد میں اب تک تقریباً -/37800 روپے کی کتب فراہم کی جاچکی ہیں۔

# شعبۂ انتظامی امور

شعبۂ انتظامی امور کے ناظم جناب نصیب خان صاحب ہیں۔ اس شعبے کے تحت اکیڈمی کے جملہ انتظامی امور آتے ہیں جن میں ادارے کے روز مرہ کی خریداری اور دیگر ضروریات کو دیکھنا شامل ہیں۔ اس شعبے کے تحت 9 افراد کام کرتے ہیں۔ جن میں ناظمِ شعبہ نصیب خان صاحب، نائب ناظم جمیل احمد خان صاحب، استقبالیے پر مامور حافظ عمران شیخ صاحب، معاونِ مکتبہ جناب شاہد فقیر صاحب، ایک ڈرائیور، ایک باورچی، دو خادمین اور ایک سیکیورٹی گارڈ

شامل ہیں۔ اکیڈمی میں ہونے والے تمام تر پروگرامات کی انتظامی تیاری اس شعبے کے تحت ہوتی ہے۔ اکیڈمی میں کی جانے والی تعمیرات، تزئین وآرائش کا کام بھی اسی شعبے کے تحت ہوتا ہے۔ بغرض آرائش وزیبائش، اس شعبے کے تحت کیے جانے والے لکڑی کے کام نے اکیڈمی کی زینت کو چار چاند لگادیے ہیں۔ خصوصا اس سال ایک خوبصورت لائبریری کی تیاری جوکہ مرکزی ہال میں قائم کی گئی ہے اسی شعبے کے مرہونِ منت ہے۔ اس کے علاوہ دفاتر میں فرشی نشستیں بھی اس شعبے کے تحت بنائی گئی ہیں جوکہ قدیم وجدید کے خوبصورت امتزاج کی عکاسی کرتی ہیں۔ اللہ تعالی ہمیں خلوص اور اخلاص کے ساتھ اس ادارے کو مزید آگے سے آگے لے جانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## شعبۂ ترجمہ

الحمد للہ اس شعبے کے تحت متعدّد عبارات اور مضامین کو عربی سے اردو منتقل کیا گیا نیز درج ذیل عربی کتب کے اردو ترجمے کا آغاز کیا گیا:

| | |
|---|---|
| كيف تسللت اللبرالية للعالِم الإسلامى | النبأ العظيم |
| زوال العلمنة من العالم | سلطان محمد الفاتح |
| الفداء والبطولة عند الصوفية | روح الدين |
| بالثورة انتهت معركة هوية والدمقراطية وانتقلنا معركة التنمية | أية لغة أضاعها أهلها |

## وابستگانِ ادارہ کی دیگر دعوتی وتبلیغی سرگرمیاں

الحمد للہ، ادارے سے وابستہ افراد اپنے متعیّن اوقاتِ کار یا اکیڈمی کی چار دیواری سے باہر بھی دعوتی، تبلیغی، اصلاحی، تصنیفی، تعلیمی سرگرمیاں انجام دے رہے ہیں مثلاً حلقہ جاتِ قرآنی میں دروسِ قرآن، دینی اجتماعات میں تقاریر،

تقریبِ نکاح میں مختصر بیان، دیگر اداروں میں تدریس، خطاب جمعہ اور خصوصی دعوتی سرگرمی وغیرہ۔اس کے علاوہ وابستگانِ ادارہ کی سرگرمیوں کا تذکرہ بھی اجمالاً پیش خدمت ہے:

| مدرس | نوعیت |
| --- | --- |
| استاذ مفتی اویس پاشا قرنی صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن، دورۂ ترجمہ وتفسیر قرآن |
| استاذ مولانا عبد القادر ہاشم صاحب | ہفتہ وار مجلسِ بہشتی زیور |
| صوفی جمیل الرحمٰن عباسی صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن |
| مفتی امان اللہ خان صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن |
| حافظ سید اسامہ علی صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن، دورۂ ترجمہ وتفسیر قرآن |
| استاذ ابرار حسین صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن، خلاصہ تفسیرِ قرآن |
| حافظ محمد وقار صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن |
| حافظ عمیر انور صاحب | رمضان میں یومیہ درسِ حدیث |
| استاذ جمیل احمد خان صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن، خلاصہ تفسیرِ قرآن |
| استاذ زبیر احمد صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن |
| استاذ عابد علی صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن |
| استاذ عمران چھاپڑا صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن |
| حافظ حماد احمد ترک صاحب | خلاصہ تفسیرِ قرآن، رمضان میں یومیہ درسِ حدیث |
| جناب مصطفیٰ عدنان صاحب | ہفتہ وار درسِ قرآن |

# اصلاحی مجلس

فقہ اکیڈمی میں دیگر تعلیمی و دعوتی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ اصلاحی مجلس کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے جو ہفتہ وار بنیادوں پر ہر جمعرات مغرب تا عشا منعقد کی جاتی ہے۔ مفتی اویس پاشا قرنی صاحب مدظلہ خلیفہ مُجاز بیعت شیخ الحدیث حضرت مولانا اسفندیار خان صاحبؒ اس اصلاحی مجلس میں تزکیہ نفس کے موضوع پر بیان فرماتے ہیں۔ مجلس کے آغاز میں تمام شرکا سورۂ یٰسین کی تلاوت کرتے ہیں اس کے بعد حضرت مفتی صاحب کا بیان ہوتا ہے۔ بیان مکمل ہونے کے بعد سلسلۂ نقشبندیہ کے مطابق ذکر و مراقبہ کروایا جاتا ہے پھر دعا پر مجلس کا اختتام ہوجاتا ہے۔ بعض اوقات مجلس کے آغاز میں سورۂ یٰسین کی تلاوت کے بجائے ختمِ خواجگان کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اور اختتام پر شرکا طعام میں شرکت کرتے ہیں۔ رمضان المبارک میں اس مجلس کا انعقاد یومیہ بنیادوں پر بعد نمازِ فجر کیا جاتا رہا۔

الحمدللہ اصلاحی مجلس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگ شرکت کرتے ہیں جس کے نتیجے میں تصوف اور صوفیاے کرام کے بارے میں پائے جانے والے اشکالات دور ہوتے ہیں اور دین کے اس اہم شعبے سے مناسبت پیدا ہوتی ہے نیز ان مجالس میں مستورات کی شرکت کا بھی باپردہ انتظام ہوتا ہے۔ اور اس مجلس کو لائیو بھی نشر کیا جاتا ہے تاکہ دیگر شہروں اور ممالک کے لوگ بھی استفادہ کرسکیں۔

# شعبۂ مطعم

الحمدللہ شعبہ مطعم کے تحت دارالاقامہ میں مقیم طلبہ اور اسٹاف کو تین اوقات طعام کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ مذکورہ دورانیے میں یومیہ تقریباً 40 افراد استفادہ کرتے رہے۔ مختلف اوقات میں تشریف لانے والے معزز مہمانوں کی تواضع اور ادارے کے اساتذہ، طلبہ اور جملہ اراکین کے لیے یومیہ بنیادوں پر چائے فراہم کرنا اسی شعبے کی

ذمے داری ہے۔ اس کے علاوہ درجنوں چھوٹے اور بڑے اجتماعات کے لیے ریفریشمنٹ اور طعام کی خدمات بھی یہ شعبہ فراہم کرتا رہا۔ شعبے سے استفادہ کرنے والے افراد کی تعداد درج ذیل ہے:

| ناشتہ | ظہرانہ | عشائیہ | اصلاحی مجلس کے شرکا کے لیے عشائیہ |
|---|---|---|---|
| 13 | 35 | 20 | 80 |

## مہمان خانہ

الحمد للہ ادارے میں ایک مہمان خانہ بھی قائم ہے جہاں بیرون ملک اور شہر سے تشریف لانے والے اساتذۂ کرام و مہمانانِ گرامی قیام فرماتے ہیں۔ پیشِ نظر دورانیے میں متعدّد مہمان حضرات کی میزبانی کی سعادت ادارے کو حاصل رہی الحمد للہ۔

## اہم شخصیات کا دورہ

ان ابتدائی دو سالوں میں بعض اہم شخصیات نے فقہ اکیڈمی تشریف لاکر ہمیں یہ موقع دیا کہ ہم اُنہیں کام کا تعارف کروائیں۔ چند شخصیات کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

حضرت قاری شریف میاں تھانوی صاحبؒ، استاذ العلماء حضرت مولانا مفتی ابولبابہ شاہ منصور صاحب، حضرت مولانا ارشاد الحق حقانی صاحب، حضرت مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب، حضرت مولانا مفتی ذاکر اللہ صاحب مردانی، جناب احمد جاوید صاحب، مفتی ہشام مغربی صاحب، حافظ محمد موسیٰ بھٹو صاحب، مولانا ابراہیم سکرگاہی صاحب، مولانا منیر علوی صاحب، شیخ الحدیث حضرت مولانا رشید میاں تھانوی صاحب، شیخ الحدیث حضرت مولانا یوسف مدنی صاحب، قاری عبد الرحمان صاحب، استاذ محمد رشید ارشد صاحب، مولانا عاطف عماد صاحب، مولانا خورشید حیدر صاحب، مفتی عبد المبین صاحب، مفتی عدنان بروہی صاحب، مولانا ابرار شاہ صاحب، مولانا اسد الرحمان فاروقی صاحب۔

# شعبۂ دار الاقامہ

دینِ اسلام کی تعلیم حاصل کرنے کا ارادہ لے کر گھر سے نکلنے والا طالب علم در حقیقت اللہ کے راستے میں ہوتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے علمِ دین کے طلبہ سے حسن سلوک کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشادِ نبوی ہے: "إِنَّ النَّاسَ لَكُمْ تَبَعٌ، وَإِنَّهُمْ سَيَأْتُونَكُمْ مِنْ أَقْطَارِ الْأَرْضِ يَتَفَقَّهُونَ فِي الدِّينِ، فَإِذَا جَاءُوكُمْ فَاسْتَوْصُوا بِهِمْ خَيْرًا"۔(سنن ابن ماجة، ابواب السنة، باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ) ترجمہ: لوگ تمھارے تابع ہوں گے، اور وہ تمھارے پاس زمین کے مختلف گوشوں سے دین سیکھنے آئیں گے، پس جب وہ تمھارے پاس آئیں تو ان کے حق میں خیر کی وصیت قبول کرو۔

اکیڈمی میں مقامی حضرات کے علاوہ ایسے حضرات بھی تعلیم حاصل کر رہے ہیں جو اپنے آپ کو علمِ دین کے حصول کے لیے وقف کر چکے ہیں۔ ایسے مسافر طلبہ کے ساتھ حسن سلوک کے جذبے سے ادارہ ہذا میں دار الاقامہ کی ترتیب بنائی گئی ہے، جس میں اس وقت اساتذہ و دیگر عملہ کے سوا 9 طلبہ اقامت اختیار کیے ہوئے ہیں، جن کے قیام وطعام کا ادارے کی طرف سے بھرپور خیال رکھا جاتا ہے۔ مزید یہ کہ حال ہی میں اہم علمی ذخیرے پر مشتمل لائبریری قائم کی گئی ہے تاکہ مقیم اساتذہ وطلبہ بطورِ خاص زیادہ سے زیادہ استفادہ کر سکیں۔ اللہ تعالی اخلاص کے ساتھ ہم سب کو دین سیکھنے، سکھانے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

# شعبۂ شخصی کوائف

ادارے کی افرادی قوت کے نظام کو منظم کرنے کے لیے ادارے میں باقاعدہ شعبہ قائم ہے جس کے ناظم جناب عبد الصمد صاحب ہیں۔ ادارے میں فی الوقت 44 افراد خدمات انجام دے رہے ہیں۔ جس میں سے 32 افراد کل وقتی، 9 افراد جز وقتی اور 7 افراد اعزازی ہیں۔ ادارے کے تحت افراد کی حاضری کے اوقات اور چھٹیوں کو شمار کر کے ماہانہ رپورٹ شعبۂ مالیات کو فراہم کی جاتی ہے۔ حاضری کے نظام کو مرتب کرنے کے لیے ادارے میں ایک عدد حاضری

مشین نصب ہے جس میں افراد آمد اور رفت کے کے وقت انگھوٹھا لگاتے ہیں۔وابستگانِ ادارہ کے شخصی کوائف کی فائلنگ کی جاتی ہے۔وابستگان کی فنی تربیت وبڑھوتری کے لیے مختلف ورک شاپس کاانعقادشعبے کے پیشِ نظر ہے۔

نوٹ:ہرشعبے کے افرادکی تعدادادارتی خاکے میں ملاحظہ فرمائیں۔

# شعبۂ تزئین و تشہیر

الحمداللہ فقہ اکیڈمی نے اپنے سفر میں ابلاغ کے بدلتے ہوئے تقاضوں کالحاظ رکھااور اس میدان میں بھی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔فقہ اکیڈمی کے اس شعبے کے تین مستقل وابستگان ہیں جن میں سے دو گرافک ڈیزائنرزاور ایک مسئول ہیں۔اکیڈمی میں ہونے والی تمام کورسزکی تشہیر بذریعہ ہینڈبلز، بروشرز، پینافلیکساور اخباری تشہیرکے ذریعے اس شعبے کے تحت کی جاری ہیں۔البتہ کروناوائرس کے انتشار کے بعد سے کورسزکامعاملہ چونکہ آن لائن ہواتوتشہیر کامعاملہ بھی آن لائن کردیاگیااور سوشل میڈیاپرتشہیر ہونے لگی۔

شعبے کی ذمے داریاں

- اہم سوشل میڈیااکاؤنٹس پرروزانہ کی بنیادپراصلاحی وعملی پوسٹس کااجرا
- مختلف دروس اور کورسزکے تشہیری مواد کی تیاری
- مختلف مہمات کی گرافیکل ویڈیوز
- یسئلونک کے ہفتہ وار شمارے کی ڈیزائننگ
- اکیڈمی کے پروگراموں کے لیے بینرز، پوسٹرز، وزٹنگ کارڈز، اسٹینڈیزاوراسٹیشنری وغیرہ کی ڈیزائننگ

گزشتہ دوسال کے اعدادوشمار:

| دورانیہ | یومیہ | ہفتہ وار | سالانہ |
|---|---|---|---|
| پوسٹس کی تعداد | 2 | 12 | 650 |
| گزشتہ دوسال میں تقریباً 1300 پوسٹس/اشتہارات تیار ہوئے۔ | | | |

# شعبۂ اطلاعاتی تکنیکیات

ادارے میں اس وقت تقریباً 25 ڈیسک ٹاپ /لیپ ٹاپ کمپیوٹر، 1 ملٹی میڈیا پروجیکٹر، 2 نیٹ ورک پرنٹر، 1 ڈیسک ٹاپ پرنٹر، 2 یوپی ایس، 2 نیٹ ورک سوئچ، 2 وائی فائی راؤٹر، 3 انٹرنیٹ کنکشن، ایک عدد پروفیشنل کیمرہ، پی اے بی ایکس سسٹم، سی سی ٹی وی کیمرے اور ڈی وی آر، 4 ایچ ڈی ٹی وی، 1 لوڈ بیلنسر وغیرہ شامل ہیں۔

**مذکورہ مدت کے دوران شعبے کے تحت انجام پانے والے اُمور:**

نیٹ ورک مینجمنٹ مع ٹربل شوٹنگ، انتظامی امور میں معاونت، انٹرنیٹ، مختلف شعبوں کے پرنٹرز، یوپی ایس اور کیمروں کی دیکھ بھال اور مطلوبہ اشیا کی خریداری۔

اس اکیڈمی میں منعقد ہونے والے خصوصی محاضرات اور کلاسز کی ریکارڈنگ، ان کو براہ راست نشر کرنا، اکیڈمی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا، وڈیوز کی ایڈیٹنگ، آئندہ تعلیمی سالوں کے لیے ڈیزائننگ اور ایڈیٹنگ، اساتذہ کو مختلف سافٹ ویئرز کے ضمن میں سہولت کی فراہمی۔

اس دوران اکیڈمی کے تحت منعقد ہونے والے مختلف کورسز، اصلاحی مجالس، خصوصی محاضرات، سلسلہ وار دروسِ قرآن، دورۂ ترجمہ قرآن، خلاصہ تفسیر، مجالسِ یسئلونک اور دیگر عنوانات سے منعقدہ کم و بیش 400 نشستوں کو اکیڈمی کی ویب سائٹ، فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر براہِ راست نشر کرنے کے ساتھ ساتھ بعد از مجلس ان کی ریکارڈنگ کو ویب سائٹ پر اپلوڈ کیا گیا۔

# سیر و سیاحت

الحمدللہ ان دو سالوں کے دوران اکیڈمی کے زیر اہتمام تین عدد سیر و سیاحت کے پروگرامات منعقد ہوئے۔ "کلری جھیل ٹھٹھہ، ہاکس بے اور کنڈ ملیر"۔ ان تینوں پروگرامات میں اکیڈمی کا عملہ، اساتذہ، طلبہ اور دیگر احباب شریک رہے۔ مذکورہ سیر و سیاحت کا مقصد محض تفریح نہیں تھا بلکہ یہ ساتھیوں کی اصلاح و تربیت کا ذریعہ بھی بنیں۔ ثابت کیا گیا کہ اس بگڑے ہوئے معاشرے میں بھی صحبتِ صالح اختیار کر کے تقویٰ و تدین کے ساتھ بھرپور زندگی گزاری جاسکتی ہے۔

# دروسِ قرآن و دعوتی و تبلیغی سرگرمیاں

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحبؒ فرماتے ہیں: میں تمام اہل مدارسِ دینیہ کو رائے دیتا ہوں کہ مدرسے کی طرف سے کچھ مبلغ بھی ہونے چاہییں، یہ سنتِ نبویہ ہے۔ اور پڑھنا پڑھانا مقدمہ ہے اسی مقصود کا، اصل مقصود تبلیغ ہی ہے۔ اسی مقصد کے لیے ادارے کے اساتذہ اور وابستگان مختلف جگہوں پر درس کا اہتمام کرتے رہتے ہیں:

| نمبر | نوعیت | مدرس | تسلسل | مقام |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دورۂ قرآن | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب | رمضان المبارک | داؤد کالونی |
| 2 | درسِ قرآن | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب | ہفتہ وار | کورنگی |
| 3 | درسِ قرآن | مفتی اویس پاشا قرنی صاحب | ہفتہ وار | گلشنِ معمار |
| 4 | خطابِ جمعہ | استاذ حافظ اُسامہ علی صاحب | ہفتہ وار | IBA |
| 5 | خطابِ عیدین | استاذ حافظ اُسامہ علی صاحب | سالانہ | مسجد بسم اللہ ٹاور |
| 6 | درسِ قرآن | استاذ حافظ اُسامہ علی صاحب | ہفتہ وار | فقہ اکیڈمی |
| 7 | درسِ قرآن | استاذ حافظ اُسامہ علی صاحب | ہفتہ وار | نارتھ کراچی |
| 8 | درسِ حدیث | استاذ حافظ اُسامہ علی صاحب | 15 روزہ | گلستانِ جوہر |
| 9 | خلاصۂ تفسیرِ قرآن | استاذ ابرار حسین صاحب | رمضان المبارک | فقہ اکیڈمی |
| 10 | درسِ قرآن | مولانا عثمان خالق داد صاحب | ہفتہ وار | کیماڑی |
| 11 | درسِ قرآن | مفتی امان اللہ خان صاحب | ہفتہ وار | کورنگی |
| 12 | درسِ قرآن | جناب جمیل احمد صاحب | ہفتہ وار | ڈیفنس |
| 13 | درسِ قرآن | استاذ زبیر احمد صاحب | ہفتہ وار | ڈیفنس |
| 14 | درسِ قرآن | استاذ زبیر احمد صاحب | ہفتہ وار | حیدری |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15 | درسِ قرآن | مولانا معراج محمد صاحب | ہفتہ وار | فیڈرل بی ایریا |
| 16 | درسِ قرآن | حافظ عُمیر انور صاحب | ہفتہ وار | آن لائن |
| 17 | درسِ حدیث | حافظ عُمیر انور صاحب | رمضان المبارک | آن لائن |
| 18 | درسِ قرآن | جناب بلال محمود صاحب | ہفتہ وار | سُرجانی ٹاؤن |
| 19 | درسِ قرآن | صوفی جمیل الرحمٰن عباسی صاحب | ہفتہ وار | بیروٹ |
| 20 | درسِ قرآن | استاذ عابد علی صاحب | ہفتہ وار | کراچی |
| 21 | خلاصۂ تفسیرِ قرآن | استاذ حارث احمد صاحب | رمضان المبارک | شمسی سوسائٹی |
| 22 | درسِ قرآن | جناب محمد عثمان خان صاحب | ماہانہ | نارتھ ناظم آباد |
| 23 | درسِ سیرت | استاذ عمران چھاپڑا صاحب | ہفتہ وار | جمشید روڈ |
| 24 | درسِ قرآن | جناب کفیل احمد صاحب | ہفتہ وار | ڈیفنس |
| 25 | درسِ قرآن | جناب مصطفی عدنان صاحب | ہفتہ وار | بروکس چورنگی |
| 26 | خلاصۂ تفسیرِ قرآن | مولانا ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب | رمضان المبارک | راولاکوٹ |
| 27 | درسِ قرآن | جناب ڈاکٹر عطاء اللہ جتوئی صاحب | ہفتہ وار | حیدرآباد |
| 28 | درسِ قرآن | جناب ظفر اللہ صاحب | ہفتہ وار | حیدرآباد |

# دیگر قابلِ ذکر سرگرمیاں

گزشتہ دو سالوں میں الحمد للہ ادارے سے منسلک درج ذیل افراد رمضان المبارک میں دورۂ تفسیرِ قرآن اور خلاصۂ تفسیرِ قرآن کی سعادت حاصل کر چکے ہیں:

| | |
|---|---|
| استاذ مفتی اویس پاشا قرنی صاحب | دورۂ ترجمہ و تفسیر قرآن |

| | |
|---|---|
| حافظ اسامہ علی صاحب | دورۂ ترجمۂ وتفسیر قرآن |
| استاذ ابرار حسین صاحب | خلاصۂ تفسیرِ قرآن |
| استاذ جمیل احمد خان صاحب | خلاصۂ تفسیرِ قرآن |
| استاذ عمران چھاپڑا صاحب | خلاصۂ تفسیرِ قرآن |
| حافظ حماد احمد ترک صاحب | خلاصۂ تفسیرِ قرآن |

# مالیاتی رپورٹ

ادارے میں شعبۂ مالیات ابتدا ہی سے مصروف عمل ہے۔ناظمِ مالیات کی ذمے داری جناب حارث احمد صاحب ادا کر رہے ہیں۔ موصوف کے ساتھ معاونت کی ذمے داری جناب عثمان خان صاحب کی ہے۔ شعبے کی ذمے داریوں میں آمدن واخراجات کا حساب رکھنا، اثاثہ جات کا ریکارڈ رکھنا، سالانہ آڈٹ کروانا، بینک سے رابطہ رکھنا، ماہانہ ادائیگیوں کا اہتمام اور دیگر مالی معاملات کی دیکھ بھال شامل ہے۔ادارے کے موجودہ اخراجات کا تخمینہ:

| اخراجات کی مدات | ماہانہ | سالانہ |
|---|---|---|
| تنخواہیں (اسٹاف واساتذہ) | 900,000 | 10,800,000 |
| کرایہ جات | 110,000 | 1,320,000 |
| بجلی، گیس، ڈیزل برائے جنریٹر | 40,000 | 480,000 |
| ٹیلی فون وانٹرنیٹ | 15,000 | 180,000 |
| مطعم | 100,000 | 1,200,000 |
| انتظامی امور و دیکھ بھال | 75,000 | 900,000 |
| پیٹرول، سی این جی، کنوینس وغیرہ | 50,000 | 600,000 |
| کتب خانہ/رسائل وجرائد | 75,000 | 900,000 |

| | | |
|---|---|---|
| طباعت، تشہیر دیگر اخراجات | 60,000 | 720,000 |
| دیگر اخراجات | 75,000 | 900,000 |
| کُل ماہانہ اخراجات | 1,500,000 | 18,000,000 |

ادارے میں موجود عطیات و خریداری کی صورت میں موصول ہونے والے اثاثہ جات کی تفصیل:

| اثاثہ جات | رقم |
|---|---|
| کمپیوٹر، پرنٹر وغیرہ | 512,900 |
| دیگر آلات و مشینری | 1,161,280 |
| فرنیچر | 2,308,127 |
| کتب خانہ | 743,027 |
| کُل اثاثہ جات | 4,725,334 |

# فقہ اکیڈمی کے مصارف

فقہ اکیڈمی ایک غیر سرکاری تعلیمی وتحقیقی ادارہ ہے جس کی شرعی حیثیت وقف کی ہے۔ اس کی کوئی مستقل آمدن نہیں اور نہ ہی حکومت سے کوئی مالی امداد وصول کی جاتی ہے۔ الحمدللہ! ادارے کے جملہ مصارف اللہ تعالیٰ خاص اپنے فضل وکرم سے اصحابِ خیر حضرات کے ذریعے پورے فرمارہے ہیں۔

ادارے میں اس بات کا مکمل اہتمام کیا جاتا ہے کہ ہر ''مد'' کی رقم صرف اس کے شرعی مصرف پر خرچ کی جائے، چنانچہ معمول یہ ہے کہ زکوۃ کی رقم صرف مستحق اشخاص پر خرچ کی جاتی ہے، اساتذہ کرام اور عملے کی تنخواہیں اور دیگر مصارف عمومی عطیات سے پورے کیے جاتے ہیں۔

ادارے میں حسابات کا ایک مستقل شعبہ ہے جس میں محاسب (Accountant) اور ان کے معاونین موجود ہیں جو آمدن اور خرچ کا باقاعدہ اندراج کرتے ہیں، زکوۃ، صدقات اور عطیات کی وصولی پر رسید جاری کرتے ہیں۔ ادارے کے تمام حسابات کا سرکاری تقاضوں کے موافق سالانہ آڈٹ کروایا جاتا ہے۔

ادارے کے اساتذہ اور عملے کا جذبہ سلفِ صالحین کے طریقے پر دین اسلام اور علوم اسلامیہ کی خدمت کرنا ہے، اپنی شہرت اور بڑی بڑی تنخواہوں سے بے نیاز ہوکر وہ کم سے کم تنخواہوں پر قناعت کرتے ہوئے خدمت دین سرانجام دیتے ہیں۔ وللہ الحمد

## تعلیمی انفاق

فقہ اکیڈمی کی جانب سے منعقد ہونے والے کسی بھی کورس کی کوئی فیس مقرر نہیں، البتہ اصحابِ خیر کی جانب سے تعلیمی اخراجات کے ضمن میں عطیات کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ مستحق طلبہ کے لیے وظائف کی گنجائش موجود ہے۔

# مستقبل کے منصوبہ جات

ان شاءاللہ ادارے کے مقاصد میں پیش رفت کے لیےمستقبل کے حوالے سے مختلف منصوبہ جات پیش نظر ہیں ان میں چند کا تذکرہ ذیل میں کیا جارہا ہے:

وفاق المدارس العربیہ، پاکستان سے ملحق دوسالہ دراساتِ دینیہ کا آغاز۔

شعبہ مستورات کا اجرا۔

شعبہ محاضرات کی توسیع۔

شعبہ درس قرآن کی توسیع۔

مدرسین قرآن داعیان دین کی تیاری کے لیے درس قرآن کورس ودعوت دین کورس کاانعقاد۔

فقہ اکیڈمی کے ترجمان رسالے بعنوان ماہنامہ مفاہیم کراچی کا آن لائن اجرا بعدازاں طباعتی اجرا۔

عامۃالناس کی دینی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اکابر علمائے امت کی کتب پر مشتمل موبائل مکتبے کا قیام۔

شعبہ ترجمہ کی توسیع اور کتب کے عربی، فارسی، اردو اور انگریزی زبانوں میں تراجم کی تیاری۔

ملک کے دیگر شہروں میں فقہ اکیڈمی کی شاخوں کا قیام۔

شہر کے وسط میں ملکیتی زمین کا حصول اور اکیڈمی کے مقاصد سے ہم آہنگ تعمیرات۔

شہر سے باہر کشادہ خطہ اراضی کا حصول اور اقامتی سہولیات کے ساتھ وسیع وعریض تعلیمی ادارے کا قیام۔

معیاری اسلامک اسکول اور انٹر میڈیٹ کالج کا قیام۔

لاکالج اور اسلامک یونی ورسٹی کا قیام۔

# ہدیۂ تشکر از جنرل سیکریٹری

اگر اللہ کی رحمت شامل حال نہ ہوتی تو یہ سب ممکن نہ تھا، دو سال قبل جب ہم نے اپنے اساتذہ اور احباب کے اصرار پر خالصتاً اللہ پر توکل کرتے ہوئے اس ادارے کی بنیاد رکھی تو ہمیں اندازہ نہیں تھا کہ اس راستے کا ہر ہر مرحلہ اتنا سہل ہوتا چلا جائے گا۔ یقیناً یہ ساری خدمات ہمارے معاونین کی دعاؤں اور تعاون کے بغیر ممکن نہیں تھیں۔

الحمد للہ وقت کے ساتھ ساتھ ادارے کی سرگرمیوں میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے چنانچہ اس کے نتیجے میں وسائل کی دستیابی بھی ایک اہم موضوع ہے۔ ہمارے ساتھ اس کار خیر میں تعاون کرنے والے احباب ہر تقاضے کو بخوبی پورا کرتے اور وسائل کی فراہمی میں ہمیشہ دینی جذبے سے بھرپور حصہ لیتے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ ہمارے احباب ادارے کی سرگرمیوں کے لیے مالی وسائل کی فراہمی کے ساتھ ساتھ بحیثیت رضا کار بھی ہر خدمت کے لیے دستیاب رہتے ہیں۔

جیسا کہ آپ اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ ادارے کی سرگرمیاں اس وقت ایک کرائے کی جگہ پر انجام دی جارہی ہیں، چنانچہ پیش نظر یہ ہے کہ شہر کے وسط میں ایک ملکیتی جگہ حاصل کی جائے تاکہ ایک جانب ماہانہ کرایے کی مد میں ہونے والے خرچ کی بچت ہو سکے جبکہ دوسری جانب ادارے کے مقاصد کو ملحوظ رکھتے ہوئے تعمیرات بھی کی جاسکیں۔ مزید یہ کہ شہر کے نواح میں ایک وسیع و عریض قطعۂ اراضی کا حصول بھی پیش نظر ہے جہاں طلبہ کے لیے رہائش کی معیاری سہولیات کے ساتھ اعلیٰ تعلیم کا انتظام ہو۔

میں فقہ اکیڈمی کے پہلے سالانہ اجلاس عامہ کے اس پر مسرت موقع پر بحیثیت جنرل سیکریٹری تمام وابستگان ادارہ کارکنان، احباب اور رضاکاروں کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں اور دعاگو ہوں کہ اللہ رب العزت ہم سب کی تمام مساعی جمیلہ کو قبول و منظور فرما کر ادارے کو مزید ترقی نصیب فرمائے، آمین

والسلام

عدنان عبدالقادر

جنرل سیکریٹری

فقہ اکیڈمی

# آڈٹ رپورٹ

# FINANCIAL STATEMENTS

# OF

# M/S. FIQH ACADEMY KAR NO. 319-2018-19

## For the year ended 30 June, 2020

S&CO

**SAJID & CO**
**Chartered Accountant**

Suit # 1506, 15th Floor, Tower 'B', Saima Trade Tower,
I.I Chundrigar Road, Karachi, Pakistan
Phones: (+9221) 32275147-48, 34228759
Mobile: (+92)300 8223935, 0334 1293414
Email: info@hsg.com.pk
Website: www.hsg.com.pk

Scanned with CamScanner

**SAJID & CO.**
**Chartered Accountant**

# AUDITOR'S REPORT TO TRUST COMMITTEE

We have audited the annexed Income and Expenditure Statement of **MESSRS FIQH ACADEMY KAR NO. 319-2018-19,** for the year ended June 30, 2020 and we report that:

a) We have obtained all the information and explanations which we required; and

b) In our opinion, the annexed Income and Expenditure Statement give a true and correct view of the state of Organization's affairs according to the best of our information and explanations given to us and as shown by the books of the Organization. This report is intended solely for the information and use of the organization.

**Karachi:**
**Dated: July 17, 2020**

**SAJID & CO.**
**Chartered Accountant**

OFFICE # 1506, 15th Floor, Tower-B, Saima Trade Tower, I.I Chundriger Road, Karachi. (Pakistan)
Phone:(+92-21) 32275147- 48, M:(+92-300) 8223935, (+92-334) 1293414 Fax: (+92-21) 32277335
E-mail: info@hsg.com.pk , sajid_yunus@yahoo.com
Website: www.hsg.com.pk
609, Kawish Crown, Fine House, Shahrah-e-Faisal, Karachi.

**FIQH ACADEMY KAR NO. 319-2018-19**
**RECEIPTS AND PAYMENTS ACCOUNTS**
**FOR THE YEAR ENDED JUNE 30 2020**

| RECEIPTS | |
|---|---|
| **OPENING BALANCE** | |
| CASH BALANCE | - |
| BANK BALANCE | - |
| | - |
| FEES INCOME | - |
| ZAKAT | - |
| ATIYAT | 13,625,879 |
| SADKAT | 1,275,707 |
| FITRA | - |
| CHURM QURBANI | - |
| MISC-INCOME | - |
| LOAN | 1,000,000 |
| | 15,901,586 |
| **TOTAL** | **15,901,586** |

| PAYMENTS | |
|---|---|
| SALARY EXPENSE | 8,520,500 |
| ELECTRICITY BILL | 342,478 |
| GAS BILL | 39,560 |
| PHONE BILL | 67,933 |
| NET BILL | 85,420 |
| FOOD EXPENSE | 932,581 |
| RENT EXPENSE | 1,197,000 |
| STATIONARY | 42,171 |
| REPAIR | 762,458 |
| MEDICAL EXPENSES | 22,918 |
| BOOKS\NEWSPAPERS | 840,068 |
| ENTERTAINMENT | 31,528 |
| AUDIT FEES | 233,000 |
| CONVEYANCE | 368,922 |
| ADVERTISEMENT/PUPLICITY | 969,454 |
| ANNUAL FUNCTION | 154,553 |
| DONATIONS | 738,840 |
| MICS-EXPENSE | 218,904 |
| | 15,568,288 |
| **CLOSING BALANCE** | |
| CASH | 333,298 |
| BANK | - |
| | 333,298 |
| **TOTAL** | **15,901,586** |

SAJID & CO. KARACHI Chartered Accountants

Scanned with CamScanner

# گوشۂ تصاویر



درس گاہ سال اول



درس گاہ سال اول




دار الاقامہ برائے اساتذہ




درس گاہ سال اول



دیوان خاص



دیوان خاص



دیوان عام




مہمان خانہ



دفاتر برائے اساتذہ



درس گاہ سال دوم



دفاتر برائے اساتذہ



درس گاہ سال دوم



مطعم




دفاتر




مطعم




وضوخانہ




درس گاہ برائے مستورات




دفتر برائے مدیر ادارہ





درس گاہ برائے مستورات




دفتر برائے مدیر ادارہ










مرکز تعلیم و تحقیق فقہ اکیڈمی




داخلی دروازہ

دارالاقامہ برائے طلبہ



## جمہور کو چھوڑ کر نئی راہ تواتر و توارث کی بیخ کنی ہے

علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک خط سے اقتباس:

''جمہورِ اسلام جس مسئلے پر اعتقادی و عملی طور پر متفق ہوں، اس کو چھوڑ کر تحقیق کی نئی راہ اختیار نہ کی جائے۔ یہ طریق تواتر و توارث کی بیخ کنی کے مرادف ہے۔ اس گناہ کا مرتکب کبھی میں خود ہو چکا ہوں اور اس کی اعتقادی و عملی سزا بھگت چکا ہوں۔ اس لیے دل سے چاہتا ہوں کہ اب میرے عزیزوں اور دوستوں میں سے کوئی اس راہ سے نہ نکلے تا کہ وہ اس سزا سے محفوظ رہے جو ان سے پہلوں کو مل چکی''۔

ماہنامہ بینات، یکم ذیقعدہ ۱۳۶۳ھ، جامعہ علوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی

## طوفانِ مغرب کو روکنے کا راستہ

اس مسئلے کا حل، خواہ وہ کتنا ہی دشوار نظر آ رہا ہو اور صبر آزما اور وقت طلب ہو، اس کے سوا کچھ نہیں کہ اس نظامِ تعلیم کو از سرِ نو ڈھالا جائے اور اس کو امتِ مسلمہ کے عقائد، زندگی کے نصب العین، مقاصد اور ضروریات کے مطابق بنایا جائے اور اس کے تمام اجزا سے مادیت، خدا سے سرکشی، اخلاقی و روحانی قدروں سے بغاوت اور جسم و خواہشات کی پرستش سے نکال کر پوری انسانیت پر شفقت کی روح اس میں جاری و ساری کر دی جائے، اس مقصد کے لیے زبان و ادب سے لے کر فلسفہ اور علم النفس تک، اور علومِ عمرانیہ سے لے کر اقتصادیات اور معاشیات تک صرف ایک روح پیدا کرنا ہو گی، مغرب کے ذہنی غلبہ اور تسلط کا خاتمہ کرنا ہو گا، اس کی قیادت و امامت کا انکار کرنا پڑے گا، اس کے علوم و نظریات، علمی تحلیل و تجزیہ اور بے لاگ تنقید کا مسلسل اور جرات مندانہ ردِ عمل ظاہر کرنا ہو گا اور یہ ثابت کرنا ہو گا کہ مغرب کی کامیابیوں اور پیش قدمیوں نے انسانیت اور تہذیب کو کتنا بڑا نقصان پہنچایا ہے۔ اس کے علوم کے ساتھ موادِ خام کا سا معاملہ کرنا ہو گا اور اس سے وہ چیزیں تیار کرنا ہوں گی جو ان قوموں اور ملکوں کی اپنی ضروریات، رجحانات اور ان کے عقیدے و تہذیب سے ہم آہنگ ہوں۔

اس راہ میں اگرچہ بہت سے سنگِ گراں ہیں اور نتائج بھی بہت تاخیر سے ظاہر ہو سکتے ہیں لیکن تجدد پسندی، آزاد خیالی اور مغرب کی ذہنی غلامی کی اس طوفانی موج کو روکنے کا یہی واحد طریقہ ہے۔

خطباتِ علی میاں جلد-6 صفحہ: 371، مفکرِ اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ